امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز بدھ 18 نومبر 2026 / 07 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 219

بلوچستان کے وسائل بلوچوں کے کام آئیں گے، سرفراز بگٹی کا بڑا اعلان

کمپنی کے قیام سے صوبے کے سرکاری اداروں اور مقامی شہریوں کو انشورنس کی بہتر اور معیاری سہولیات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی

سوئی میں لو بی ٹی یو گیس سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر اتفاق، وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کا دسویں اجلاس

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کے دسویں اجلاس میں صوبے میں سرمایہ کاری، مالیاتی خدمات اور صنعتی ترقی کے فروغ کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت بلوچستان کی پہلی انشورنس کمپنی قائم کرنے کی منظوری دے دی گئی، جبکہ ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی میں لو بی ٹی یو گیس سے فرٹیلائزر کمپلیکس قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دو ارب روپے کی ابتدائی لاگت سے بلوچستان میں رجسٹرڈ بلوچستان

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)



کراچی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری پریس کلب میں منعقدہ "میٹ دی پریس" تقریب میں میڈیا نمائندوں سے خطاب کر رہے ہیں

وراثت کے انتقال کی درستگی کسی کو اس کے شرعی حصے سے محروم نہیں کر سکتیں، آئینی عدالت

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے وراثت سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

میڈیا کمزور ہوا تو جمہوریت نہیں چلے گی

صحافیوں کو ان کی طاقت واپس دینی ہوگی، بلاول



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ بورڈ کے دسویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اپوزیشن پر تنقید کی بنیاد پر اسے محبِ وطن نہ ہونے کا الزام دینا ناانصافی ہے، حکومت کی جانب سے اپوزیشن کی حب الوطنی پر شک کرنا پارلیمان اور ملک کے ساتھ ناانصافی ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

میڈیا معاشرے کا چیک اینڈ بیلنس ہے، صحافی ملک کی اصل طاقت ہیں، آواز اور قلم میں حکومتیں بنانے اور گرانے کی طاقت ہے شاید پاکستان کی تاریخ میں صحافی اتنا کمزور نہیں تھا جتنا آج ہے

کراچی (اے این این) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سسٹم کو سیاسی رسٹی کی سیٹ کی ضرورت ہے، حکومت کو اپوزیشن کا اعتماد بحال کرنا اور سیاسی قیدیوں کو آزاد کرنا پڑے گا۔ کراچی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ میڈیا معاشرے کا چیک اینڈ بیلنس ہے، صحافی ملک کی اصل طاقت ہیں، آواز اور قلم میں حکومتیں بنانے اور گرانے کی طاقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاید پاکستان کی تاریخ میں صحافی اتنا کمزور نہیں تھا جتنا آج ہے تو اس کو ری سیٹ کرنا پڑے گا تاکہ آپ کے پاس وہ طاقت ہو جو

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)

جی بی اے 16-دیامر ٹو کا حتمی انتخابی نتیجہ، فارم 49 جاری

پیپلز پارٹی کے عطا اللہ 6 ہزار 758 ووٹ لے کر کامیاب قرار

گلگت (اے این این) گلگت بلتستان اسمبلی کے حلقے جی بی اے 16 دیامر 2 کا حتمی انتخابی نتیجہ آ گیا، فارم 49 بھی جاری کر دیا گیا، جس کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے عطا اللہ 6 ہزار 758 ووٹ لے کر کامیاب قرار پائے۔ آزاد امیدوار سید امام مالک 6 ہزار 673 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے، عطا اللہ اور سید امام مالک کے درمیان 85 ووٹوں کا فرق رہا، جب کہ ن لیگ کے امیدوار انجینئر ایم انور نے 6 ہزار 25 ووٹ حاصل کیے۔ استحکام پاکستان پارٹی کے عتیق اللہ 5 ہزار 475 ووٹ لے کر چوتھے نمبر پر رہے، حلقے

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

علاقائی امن کا واحد راستہ باہمی اعتماد اور تعاون ہے

فیلڈ مارشل

ایرانی وزیر خارجہ کی قیادت میں وفد سے ملاقات میں علاقائی سلامتی کی صورتحال اور بدلتی ہوئی جیو پولیٹیکل پیش رفت پر تبادلہ خیال، عباس عراقچی نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا، آئی ایس پی آر



راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان ثالثی کیلئے بھرپور کوششیں کر رہا ہے، کردار سے مطمئن ہیں، ای سی او ممالک نے آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کیلئے تہران کے منصوبے کی حمایت کی ہے، ایرانی وزیر خارجہ کی صحافیوں سے گفتگو

راولپنڈی (اے این این) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد نے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق راولپنڈی میں ہونے والی ملاقات کے دوران دونوں برادر ملکوں کے مابین باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی سیکیورٹی کی صورتحال اور بدلتے ہوئے جیو پولیٹیکل حالات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ دونوں فریقین نے مشترکہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے پر بھی غور کیا۔ ملاقات کے دوران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے فروغ کے لئے دونوں برادر ممالک کے درمیان مسلسل رابطے، باہمی اعتماد

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کے لئے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری

اسلام آباد (اے این این) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کیلئے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ قرض کی رقم وفاقی سول

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاسداران انقلاب کا بحرین کی شیخ عیسیٰ ائیربیس پر امریکی ریڈار سسٹم پر حملہ

بحرین میں ممکنہ خطرے کا الرٹ جاری، فوج کا ایرانی حملے ناکام بنانے کا دعویٰ

تہران، منامہ (اے این این) ایرانی پاسداران انقلاب نے بحرین کی شیخ عیسیٰ ائیربیس پر امریکی ریڈار سسٹم کو نشانہ بنایا ہے اور دعویٰ کیا ہے کہ ان کی فورسز نے ایک امریکی ڈرون کے کنٹرول سسٹم کو ہیک کر کے اسے بحفاظت زمین پر اتار لیا اور اپنے

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی ملاقات کر رہے ہیں

نوجوانوں کو کاروبار کیلئے سہولت دیں گے

وزیراعظم

وزیراعظم سے اینڈیور گروپ کے وفد کی ملاقات، اسٹارٹ اپس کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد آئی ٹی پارک میں اسٹارٹ اپس کو ہر ممکن سہولت فراہم کر دی گئی

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت باصلاحیت پاکستانی نوجوانوں کو کاروبار قائم کرنے اور وسعت دینے کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے اسلام آباد میں اینڈیور گروپ کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی، جدت اور کاروباری سوچ پاکستان کی معاشی ترقی کے اہم محرک ہیں، حکومت اس شعبے میں سرمایہ کاری اور پبلک پرائیویٹ اشتراک کو فروغ دے رہی ہے۔ وزیراعظم نے وفد کو بتایا کہ اسلام آباد میں انفارمیشن ٹیکنالوجی پارک کا افتتاح کیا

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار سے ترکمانستان کے وزیر خارجہ، رشید میرادوف ملاقات کر رہے ہیں



راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ترکیہ فضائیہ کے سربراہ جنرل ضیاء جمال قادی اوغلو ملاقات کر رہے ہیں

60 فیصد سے زائد بچے تعلیم سے محروم، بچپن میں مزدوری کرنے پر مجبور

مختلف علاقوں، مصروف شاہراہوں اور بازاروں میں کم سن بچوں کی بڑی تعداد محنت مزدوری کرتی نظر آتی ہے

کوئٹہ (اے این این) غربت، مہنگائی، بڑھتی ہوئی معاشی مشکلات اور چائلڈ لیبر قوانین پر عمل نہ ہونے کے باعث تقریباً 60 فیصد سے زائد بچے تعلیم سے محروم ہو کر محنت مزدوری کرنے پر مجبور ہیں۔ صوبائی دارالحکومت میں ہزاروں کم عمر بچے اسکول جانے اور کھیلنے کودنے کی عمر میں گیراجوں، ورکشاپوں، ہوٹلوں، دکانوں اور دیگر کاروباری مراکز میں کام کر کے اپنے اور اپنے خاندانوں کی کفالت میں حصہ لے رہے ہیں۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں،

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

میرٹ اور شفافیت پر مبنی بھرتیوں کا سلسلہ جاری رہے گا، حاجی باز محمد دمڑ

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایت پر ان کے بھائی و فوکل پرسن ہرنائی حاجی باز محمد دمڑ اور ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی نے زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سے تعلق رکھنے والے میرٹ کی بنیاد پر منتخب چار نوجوانوں میں عبداللہ، سیدال خان، سیف اللہ اور امیر اللہ میں محکمہ کھیل و ثقافت کے تعیناتی آرڈرز تقسیم کیے اس موقع پر فوکل پرسن ہرنائی حاجی باز محمد

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ گیس غائب، عوام کا گیس آفس کے سامنے مظاہرہ، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

ہوا پائپوں کے ذریعے آ رہا ہے تاکہ میٹر چل سکے اور عوام کو بھاری بھرکم بھیج سکے، عوامی حلقے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سوئی سدرن گیس کمپنی کے نخرے مزید بڑھ گئے عوام کو گیس سے محروم رکھنے کی پالیسی کو تیز کر دیا کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں 12 سے 14 گھنٹے گیس غائب اور ساتھ میں پریشر کی کمی نے عوام کو روڈوں پر نکلنے پر مجبور کر دیا منگل کے روز کوئٹہ کے مختلف علاقوں کے مکینوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے سامنے بھرپور احتجاج کرتے ہوئے آفس پتھراؤ اور روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر رکھا تھا جس

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

پولیس جوانوں کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، محمد طاہر

قاسم لائن میں جدید جم کے قیام کے لیے 10 لاکھ روپے دینے کا اعلان

کوئٹہ (اے این این) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے آج قاسم لائن کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں ایڈیشنل آئی جی پی و کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد، ایس ایس پی آپریشن ڈویژن ملک اصغر عثمان، محترمہ سمیہ سلیم، محترمہ تحریم ظفر، ایس ایس پی ہیڈ کوارٹر کمال خان کبزئی، زونل کمانڈرز، ونگ کمانڈرز اور دیگر پولیس افسران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران انسپکٹر جنرل آف پولیس نے قاسم لائن کے مختلف

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

پارلیمانیں عوام کے درمیان دوستی، اعتماد اور تعاون کے مستقل پل ہیں، گیلانی

پارلیمانی سفارت کاری پاک، اٹلی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے، چیئرمین سینیٹ

دونوں ملکوں میں پارلیمانی وفود کے تبادلوں اور پارلیمانی فرینڈشپ گروپس کو مزید فعال بنانے کی ضرورت ہے، اٹلی کے اعلیٰ سطحی وفد کی ملاقات

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پارلیمانی سفارت کاری پاکستان اور اٹلی کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے جبکہ پارلیمانیں عوام کے درمیان دوستی، اعتماد اور تعاون کے مستقل پل ہیں۔ سینیٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے ان خیالات کا اظہار اٹلی کے اعلیٰ سطحی وفد سے پارلیمنٹ ہاؤس میں

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

جنوبی پنجاب کے لوگ الگ صوبہ چاہتے ہیں تو ساتھ دیں گے، عبدالعلیم خان

جنوبی پنجاب کے عوام کی ترقی برابر کا حق ہے، عوام سے کیا وعدہ پورا کر دیا، وفاقی وزیر

لیہ (اے این این) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب کے عوام کی ترقی دیگر شہروں کی طرح برابر کا حق ہے اگر جنوبی پنجاب کے لوگ الگ صوبہ چاہتے ہیں تو استحکام پاکستان پارٹی سب سے پہلے ان کا ساتھ دے گی۔ دریائے سندھ پر لیہ تونسہ پل سے منسلک سڑکوں کی تعمیر کے آغاز کے موقع پر عبدالعلیم خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ عوام سے کیا وعدہ پورا کر دیا، 10 سال پہلے پل کی تعمیر مکمل ہوئی لیکن دونوں اطراف سڑکیں غائب تھیں، نئی سڑکوں کا افتتاح وزیراعظم کریں گے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ نئی سڑکیں 2 ماہ میں مکمل کریں گے، نئی سڑکوں کیبعد لیہ اور تونسہ کیدرمیان گھنٹوں کا سفر منٹوں میں طے ہوگا، سڑکوں کی تعمیر میں آنیوالی ایک ایک مرلہ زمین کا مکمل معاوضہ ادا کر دیا ہے، این ایچ اے اراضی کے معاوضے کی مکمل رقم ضلعی انتظامیہ کو دے دی ہے، ضلعی انتظامیہ عوام کو اراضی کے معاوضے فوری طور پر ادا کرے گی۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کی ترقی برابر کا حق

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

بی آئی ایس پی میں 45 سال کی غیر شادی شدہ خواتین کو شامل کرنے کی منظوری

اسلام آباد (اے این این) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں 45 سال یا زائد عمر کی غیر شادی شدہ مستحق خواتین کو بھی شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بی آئی ایس پی بورڈ نے 45 سال یا اس سے زائد عمر کی غیر شادی شدہ مستحق خواتین کو بھی پروگرام میں شامل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ وہ خواتین ہوں گی جن کی کبھی شادی نہیں ہوئی، اب یہ خواتین بھی مقررہ اہلیت کے معیار پر پورا اترنے کی صورت میں بی آئی ایس پی سے مالی معاونت حاصل کر سکیں گی۔

فتنہ الہندوستان کی دہشتگردی سے تباہ حال بلوچ گھرانے نقل مکانی پر مجبور

مستونگ حملے میں کئی گھرانے اپنی چھت، سامان اور عمر بھر کی جمع پونجی سے بھی محروم

کوئٹہ (اے این این) فتنہ الہندوستان کی دہشتگردی سے تباہ حال بلوچ گھرانے نقل مکانی پر مجبور ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے بے گناہ عوام کو دہشت گردی کی آگ میں جھونکنے والے فتنہ الہندوستان کا مکروہ چہرہ تیزی سے بے نقاب

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلدیاتی اداروں میں شفافیت اور میرٹ کو فروغ دیا جائے گا، امیر حمزہ زہری

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے تمام شہری علاقوں میں صفائی کا نظام بہتر بنایا جائے گا، صوبائی مشیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی مشیر برائے بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی، بلدیاتی اداروں کی استعداد کار میں اضافے اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

سیکورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں کارروائیاں 5 دہشتگرد ہلاک 1 زخمی

سیکورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں تازہ کارروائی، ایک دہشتگرد ہلاک، دوسرا زخمی، آپریشن 11 گرج کے تحت لکی مروت میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 4 خوارج ہلاک

آپریشن 11 گرج کے تحت غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک آپریشنز پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رہیں گے، حکام

پشاور (اے این این) سیکورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا کے ضلع اورکزئی کے علاقے پونگا بریج میں کارروائی کے دوران ایک دہشتگرد ہلاک اور دوسرا زخمی ہو گیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں آپریشن عزم استحکام کے تحت فتنہ الخوارج کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، سیکورٹی فورسز نے 3 مشتبہ افراد کی نقل و حرکت کے بعد بروقت کارروائی کی، جس میں ایک

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)



وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس، نوجوانوں کو کاروبار کیلئے سازگار ماحول دینے پر اتفاق

آئینی عدالت نے سابقہ ڈی جی نیب سلیم شہزاد پر جاری چارج شیٹ کو کالعدم قرار دیدیا

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائیکورٹ فیصلے کے خلاف سابقہ ڈی جی نیب کی اپیل منظور کرتے ہوئے سلیم شہزاد پر جاری چارج شیٹ کو کالعدم قرار دیدیا۔ آئینی عدالت کے جسٹس حسن اظہر رضوی نے 22 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ وفاقی آئینی عدالت نے کہا کہ سلیم شہزاد کی ڈگری سے متعلق نیب خود سپریم کورٹ میں تصدیق کر چکا ہے، دہائیوں کے بعد نئے شواہد کے بغیر دوبارہ تحقیقات پہلی رپورٹ کے برخلاف ہے۔ عدالت نے کہا کہ سلیم شہزاد کی نیب میں تقرری کے وقت کسی فریب جعل سازی، یا غلط بیانی کا الزام

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

شام کا اقوام متحدہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں اور جارحانہ پالیسیوں پر احتجاج

اسرائیل شام کی خودمختاری کا احترام اور خطے میں کشیدگی ختم کرے، اقوام متحدہ میں شام کے سفیر ابراہیم اولابی

نیویارک (اے این این) شام نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اسرائیل کی فوجی کارروائیوں اور جارحانہ پالیسیوں پر احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیلی اقدامات کے باعث ملک بھر میں 2011 کے بعد سب سے بڑے مظاہرے دیکھنے میں آئے ہیں۔ اقوام متحدہ میں شام کے سفیر ابراہیم اولابی کا کہنا ہے کہ اسرائیلی فوج کی دراندازی، گولہ باری، عارضی چیک پوسٹوں اور گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے، جس سے شام کی خودمختاری اور شہریوں کی بنیادی ضروریات متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے 1974 کے اسرائیل، شام اراضی پر قبضے کے خلاف شدید غم و غصے کا اظہار کیا گیا۔ انہوں نے اسرائیل سے شام کی خودمختاری کا احترام کرنے اور خطے میں کشیدگی ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔ جبکہ شام کے لئے اقوام متحدہ کے نائب خصوصی ایلچی کلاڈیو کورڈوکا کہنا ہے کہ اسرائیلی فوج کی دراندازی، گولہ باری، عارضی چیک پوسٹوں اور گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے، جس سے شام کی

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

عمران خان کو جیل میں طبی سہولیات نہ ملنے کا شکوہ بے بنیاد ہے، عظمیٰ بخاری

عمران خان کو جیل میں جو طبی اور دیگر سہولیات میسر ہیں، وہ پاکستان میں کسی دوسرے قیدی کو حاصل نہیں

لاہور (اے این این) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا خط علاج معالجے سے متعلق پروپیگنڈے سے زیادہ کچھ نہیں۔ اپنے ایک بیان میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کے علاج معالجے اور جیل میں طبی سہولیات سے متعلق بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ انہوں نے تحریری طور پر اپنے دستخط کے ساتھ این آر او مانگا ہے، دوسروں کی بیماریوں کا مذاق اڑانے والا آج خود جیل میں بیمار ہو گیا ہے۔ میاں نواز شریف کے سیل سے سانپ نکلنے یا بیگم کلثوم نواز کے ہسپتال پر دھاوا بولنے جیسے واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج یہ لوگ مکافاتِ عمل کا شکار ہیں۔ وزیر اطلاعات پنجاب نے دعویٰ کیا کہ عمران خان کو جیل میں طبی سہولیات نہ ملنے کا شکوہ سراسر جھوٹ پر مبنی ہے، سابق وزیراعظم کا اڈیالہ جیل میں قید کے دوران 8 مرتبہ باقاعدہ طبی ماہرین نے معائنہ کیا، جبکہ جیل

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

یورپی ممالک ممکنہ جوہری حادثے سے نمٹنے کی تیاری کر لیں، نگران اداروں کا انتباہ

روسی حملے 1986 کے چرنوبل حادثے جیسے واقعہ کا باعث بن سکتے ہیں، نگران ادارے

برسلز (اے این این) 38 ممالک کے جوہری تحفظ کے نگران اداروں نے خبردار کیا ہے کہ روسی حملوں کے باعث یوکرین میں جوہری حادثے کا خطرہ بڑھ رہا ہے جس کے اثرات یورپ کے دیگر ممالک تک بھی پہنچ سکتے ہیں لہذا یورپی ممالک ایسے کسی بھی ممکنہ حادثے سے نمٹنے کی تیاری شروع کر دیں۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ انتباہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب روس نے یوکرین کے توانائی کے نظام پر ڈرون اور میزائل حملے تیز کر دیئے ہیں۔ ان حملوں میں بجلی گھر، بجلی کی ترسیلی لائنیں اور سب اسٹیشنز کو نشانہ بنایا جا رہا ہے جبکہ تقریباً 5 سال سے جاری جنگ کے باعث یوکرین کا توانائی کا نظام پہلے ہی کمزور ہو چکا ہے۔ 38 ممالک کی نمائندگی کرنے والی 3 بین الاقوامی تنظیموں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ روس کو یوکرین کے جوہری بجلی گھروں اور ان کے محفوظ آپریشن کیلئے ضروری توانائی کے نظام پر حملے

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

خطے میں پائیدار امن مذاکرات و سفارتکاری سے ہی ممکن ہے، اسحاق ڈار

زیرِ التوا مسائل کے حل اور خطے میں پائیدار امن واستحکام کے قیام کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابلِ عمل راستہ ہیں

پاکستان ترکمانستان کے ساتھ مضبوط اور دیرینہ دوستانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، نائب وزیراعظم سے ترکمانی وزیر خارجہ کی ملاقات

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ زیر التوا مسائل کے حل اور خطے میں پائیدار امن واستحکام کے قیام کے لئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد قابلِ عمل راستہ ہیں، پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان دوستانہ تعلقات باہمی احترام پر مبنی ہیں، پاکستان ترکمانستان کے ساتھ مضبوط اور دیرینہ دوستانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے چھٹے اجلاس سے خطاب اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ رشید

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے انکم ٹیکس لائیرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر امجد علی صدیقی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

کسی کی صحت پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، عمران خان کو علاج کروانے کا حق ہے، پلوشہ خان

یہ وقت ایک دوسرے کے ساتھ لڑنے کا نہیں، سب کو مل کر ملک کی بہتری کیلئے اقدامات کرنے چاہئیں، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما پلوشہ خان نے کہا ہے کہ کسی کی صحت پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، بانی پی ٹی آئی کو علاج کیلئے سہولیات فراہم کی جانی چاہئیں، انہیں اپنی صحت کے مطابق علاج کروانے کا حق ہے، علاج ایسا ہونا چاہیے جس سے وہ مطمئن ہوں۔ ایک انٹرویو میں پلوشہ خان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک کی بہتری کیلئے بات کی، صدر مملکت آصف زرداری مفاہمت کی سیاست پر یقین رکھتے ہیں، یہ وقت ایک دوسرے کے ساتھ لڑنے کا نہیں، سب کو مل کر ملک کی بہتری کیلئے اقدامات کرنے چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئے صوبوں کا طریقہ کار آئین میں درج ہے، سندھ اسمبلی نے اپنی قراردادوں میں کئی بار عوامی رائے کا اظہار کیا، ریفرنڈم ہو بھی جائے تو صوبے کس بنیاد پر بنیں، وسائل کی تقسیم کیسے ہوگی؟ 18 ویں ترمیم پر سب متفق ہونے کے باوجود مہینوں بات چیت ہوتی رہی، کئی مہینوں کے بعد 18 ویں ترمیم کا مسودہ سامنے آیا تھا، نئے صوبوں کے حوالے سے پیپلز

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

بھارتی مسلمانوں کیلئے 2026 خونریز سال قرار

مذہبی بنیادوں پر تشدد کے باعث گزشتہ تین ماہ میں 16 مسلمانوں کو قتل کیا گیا، امریکی رپورٹ

واشنگٹن (اے این این) عالمی انسانی حقوق کی تنظیم کی جائزہ رپورٹ نے بھارت میں مسلمانوں کیخلاف ہندو انتہا پسندوں کے نفرت انگیز جرائم کا پردہ فاش کر دیا۔ امریکی تنظیم برائے انسانی حقوق "ساؤتھ ایشیا جسٹس کمپین" کی سہ ماہی رپورٹ کے مطابق بھارت میں مذہبی بنیادوں پر تشدد کے باعث گزشتہ تین ماہ میں 16 مسلمانوں کو قتل کیا گیا۔ اگست سے اکتوبر تک بھارتی مسلمانوں کیخلاف جعلی پولیس مقابلے کے 118 واقعات ہوئے جن میں سے 105 اتر پردیش میں پیش آئے، بھارت میں 18 ریاستوں اور یونین ٹیریٹریز میں ووٹرلسٹوں سے 6 کروڑ 16 لاکھ مسلمانوں کے نام بھی خارج کیے گئے۔ بھارتی ریاستوں میں مسلمانوں سے زبردستی ہندو توا نعرے لگوانے اور تذلیل کرنے کے درجنوں واقعات پیش آئے، تنظیم کے گزشتہ 4 سال کے ریکارڈ کے مطابق 2026 بھارتی مسلمانوں کیلئے

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

بقیہ 1

کی بہتری کے لیے ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے عام شہری کا براہِ راست فائدہ ہو۔ دریں اثنا ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اسلام آباد میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ای سی او ممالک نے امریکا کے ساتھ جنگ ختم کرنے کی کوششوں کے تحت آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کیلئے ایک مشترکہ منصوبے کی حمایت کی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ تہران اسلام آباد کے عالمی کردار سے مطمئن ہے، پاکستان طالبان کیساتھ بھرپور کوششیں کر رہا ہے، ہم پاکستان کے ساتھ مل کر امن کو یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انشقین ایران کی شرائط تسلیم کرلیتے تو تہران دو روز کے اندر آبنائے ہرمز کھولنے کے لئے تیار ہے، ای سی او ایران ممالک نے ایران کی دو روزہ امن جنگ کی مخالفت کردی۔

بقیہ 7

پنشن نظام میں اصلاحات لیئے استعمال کی جائے گی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے اعلامیے کے مطابق پاکستان کے سالانہ وفاقی پنشن اخراجات کے مقابلے ایک ہزار روپے سے تجاوز کر چکے ہیں، جبکہ 2016 سے اب تک پنشن اخراجات میں تقریباً پانچ گنا اضافہ ہوا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے پنشن نظام کو مضبوط اور پائیدار بنانے کیلئے اہم اقدامات کئے ہیں، جن کے تحت اصلاحات کے ذریعے وفاقی پنشن نظام کی مالیاتی پائیداری بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی۔ ایسے ڈی جی کے مطابق پنشن نظام میں اصلاحات سے حکومتی مالی وسائل پر دباؤ کم ہوگا اور ترقیاتی منصوبوں سمیت سماجی شعبوں کے اخراجات کے لئے مزید مالی گنجائش پیدا ہوگی۔

بقیہ 8

فیصلے سے لیا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے بحریہ کی پوری فیصلہ کن انٹیلی جنس پر امریکی ریڈار سسٹم کو نشانہ بنایا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بحرین نے ممکنہ خطرے کا الرٹ جاری کردیا، ساتھ ہی واضح کیا کہ ان کی فوج نے ایران کے حملے کا منہ توڑ جواب دیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق منگل کی صبح جاری کیے گئے بیان میں پاسداران انقلاب نے کہا کہ ان کی فضائیہ نے بحرین میں ایکسٹرا ٹیک جنگی کارروائی کے دوران خلیج میں موجود امریکی بحری جہاز کو نشانہ بنایا۔ ایران کا کہنا تھا کہ حملے میں ریڈار سسٹم کو نقصان پہنچا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب نے بحرین کے ساحل پر موجود امریکی بحری جہاز کو نشانہ بنایا۔ ایران کا کہنا تھا کہ حملے میں ریڈار سسٹم کو نقصان پہنچا ہے۔ ایران کے مطابق حملے میں 10 ڈرون کا کنٹرول حاصل کیا اور اسے نشانہ بنایا گیا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) نے ایران پاسداران انقلاب کے اس دعوے پر کوئی ردعمل نہیں دیا ہے۔

بقیہ 9

میرپور کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات کے دوران ایران میں برطانوی سفیر کی خارجہ میں ایران کی وزارت خارجہ میں ایران کی وزارت خارجہ میں ایران کی وزارت

بھارت میں مسافر بس 300 فٹ گہری کھائی میں جا گری، 6 افراد ہلاک

نئی دہلی (اے این این) بھارت میں بس 300 فٹ گہری کھائی میں گرنے سے 6 افراد ہلاک ہو گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ بھارتی ریاست اتراکھنڈ کے ضلع تہری گڑھوال میں پیش آیا جہاں ایک مسافر بس حادثے کا شکار ہوگئی۔ رپورٹس کے مطابق بس 30 سے 35 افراد کو لے کر ہریدوار سے چمولی جا رہی تھی کہ گلر بازار کے قریب بے قابو ہو کر پل سے نیچے 300 فٹ گہری کھائی میں جا گری۔ رپورٹس کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں اور پولیس فوری موقع پر پہنچ گئی اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ حکام کے مطابق حادثے کے نتیجے میں

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

کوئٹہ میں تعلیمی اداروں کا تحفظ یقینی بنایا جائے، آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز فیڈریشن

نجی تعلیمی اداروں کے مسائل حل اور تعلیمی پالیسیوں پر نظرثانی کی جائے، فیڈریشن

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز فیڈریشن کے رہنماں نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان میں تعلیمی اداروں کا تحفظ یقینی بنایا جائے، طلبہ و طالبات کی حفاظت کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں۔ پریس کانفرنس میں فیڈریشن کے رہنماں نے کہا کہ بلوچستان میں نجی تعلیمی ادارے متعدد مسائل کا شکار ہیں، جن کے حل کے لیے حکومت اور متعلقہ حکام کو فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے تعلیمی پالیسیوں پر نظرثانی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے نجی تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کو اعتماد میں لیا جائے اور پالیسی سازی کے عمل میں ان کی تجاویز کو بھی اہمیت دی جائے۔ فیڈریشن کے رہنماں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کا محفوظ ماحول فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ طلبہ و طالبات بلاخوف و خطر اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔ آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز فیڈریشن کے رہنماں نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان میں تعلیمی اداروں کا تحفظ یقینی بنایا جائے، طلبہ و طالبات کی حفاظت کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور نجی تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل فوری

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

ملک میں نئے انتظامی یونٹس پر 2027 سے پہلے ریفرنڈم کرایا جائے، فاروق ستار

کراچی (اے این این) ایم کیو ایم (پاکستان) کے سینئر رہنما فاروق ستار نے مطالبہ کیا ہے کہ ملک میں نئے انتظامی یونٹس پر 2027 سے پہلے ریفرنڈم کرایا جائے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم سے مطالبہ ہے کہ 28 ویں ترمیم کے بعد اب ریفرنڈم کا مسئلہ بھی جلد حل کیا جائے۔ فاروق ستار کا کہنا تھا کہ کراچی کے علاقے جہانگیر روڈ، مارٹن کوارٹرز اور دیگر علاقوں میں آزادی کے بعد سرکاری ملازمین آباد ہوئے، سرکاری کوارٹرز سے ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے باوجود بے دخل نہیں کیا گیا تھا، سرکاری کوارٹرز میں موجودہ اور

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

صنعا پر فضائی حملے میں کم از کم نو افراد زخمی ہوگئے، حوثیوں کا دعویٰ

صنعا (اے این این) یمن کے حوثیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ دارالحکومت صنعا پر ہونے والے ایک فضائی حملے میں کم از کم نو افراد زخمی ہوگئے۔ بی بی سی کے مطابق حوثیوں کی وزارتِ صحت کے ترجمان کا کہنا ہے کہ دشمن طیاروں نے یمنی دارالحکومت میں جوتے بنانے والی ایک فیکٹری کو بھی نشانہ بنایا۔ ایران کے اتحادی حوثی، سعودی عرب کی قیادت میں قائم اتحاد کے خلاف برسرِ پیکار ہیں، جس میں یمنی حکومتی افواج بھی شامل ہیں۔ یمنی حکومتی افواج حالیہ دنوں میں باب المندب کے علاقے سے مکمل طور پر پسپا ہو چکی ہیں، اور اب حوثی اہم بندرگاہ عدن پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ صنعا پر حوثیوں کے قبضے کے بعد عدن یمنی حکومت کا مرکز بن گیا تھا۔ یمن کے حوثیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ دارالحکومت صنعا پر ہونے والے ایک فضائی حملے میں کم از کم نو افراد زخمی ہوگئے۔ بی بی سی کے مطابق حوثیوں کی وزارتِ صحت کے ترجمان کا کہنا ہے کہ دشمن طیاروں نے یمنی دارالحکومت میں جوتے بنانے والی فیکٹری کو بھی نشانہ بنایا۔ ایران کے اتحادی حوثی، سعودی عرب کی قیادت میں قائم اتحاد کے خلاف برسرِ پیکار ہیں، جس میں یمنی حکومتی افواج بھی شامل ہیں۔ یمنی حکومتی افواج

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

نئے صوبوں کے معاملے پر بحث شروع ہوگئی راستہ بھی آگے نظر آتا جائیگا مصدق ملک

نئے صوبوں کے حوالے سے بہت سی قیاس آرائیاں ہو رہی ہیں، اس حوالے سے ابھی تک کوئی چیز واضح نہیں ہوئی، یہ ایک بڑا فیصلہ ہے اس پر بحث ہونی چاہیے

میں این آر او کا ذکر نہیں کر رہا، عمران خان کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی، جب نواز شریف بیمار تھے تو یہ لوگ عجیب باتیں کیا کرتے تھے، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے حوالے سے ابھی تک کوئی چیز واضح نہیں ہوئی، اس معاملے پر بحث شروع ہوگئی راستہ بھی آگے نظر آتا جائے گا، بانی پی ٹی آئی عمران خان کو صحت کی بہتر سہولیات مل رہی ہیں، ڈاکٹرز کی ہدایت پر مزید بہتر سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی، بانی پی ٹی آئی کو اگر اس سے بہتر علاج کی ضرورت ہے تو ہونا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں مصدق ملک کا کہنا تھا کہ جب نواز شریف بیمار تھے تو یہ لوگ عجیب باتیں کیا کرتے تھے، پی ٹی آئی کے دور میں لیگی رہنماؤں کی بیماری پر بانی پی ٹی آئی سب سے زیادہ این آر او کا ذکر کیا کرتے تھے، میں آج این آر او کا ذکر نہیں کر رہا۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ بانی جیل میں قید لیگی رہنماؤں کے پنکھے اتارنے کی بات کیا کرتے تھے، کلثوم نواز کی بیماری پر بھی سیاست کی گئی، بانی پی ٹی آئی کو ورزش کیلئے بھی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر سمارٹ ویمن پولیس اسٹیشن سول لائن کا دورہ کر رہے ہیں

ایس پی طیب اقبال کے اعزاز میں الوداعی ملاقات

عبدالحمید زہری کی ایس پی طیب اقبال کے لیے نئی تعیناتی پر نیک خواہشات

کوہلو (اے این این) ایس پی طیب اقبال کے تبادلے اور نئی جائے تعیناتی پر روانگی سے قبل ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری نے ان کے دفتر میں الوداعی ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوہلو نے دورانِ تعیناتی ایس پی کی پیشہ ورانہ خدمات، فرائض کی انجام دہی اور دونوں محکموں کے درمیان باہمی تعاون اور خوشگوار پیشہ ورانہ روابط کو سراہا۔ انہوں نے ایس پی کے لیے آئندہ جائے تعیناتی پر نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی اسی جذبے اور پیشہ ورانہ لگن کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیتے رہیں گے۔ ملاقات کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے ایس پی طیب اقبال کو یادگاری تحائف کے طور پر چھڑی اور بلوچی ٹوپی پیش کیے ہیں ایس پی طیب اقبال کے تبادلے اور نئی جائے تعیناتی پر روانگی سے قبل ڈپٹی کمشنر کوہلو عبدالحمید زہری نے ان کے دفتر میں الوداعی ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوہلو نے دورانِ تعیناتی ایس پی کی پیشہ ورانہ خدمات، فرائض کی انجام دہی اور دونوں محکموں کے درمیان باہمی تعاون اور خوشگوار پیشہ ورانہ روابط

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

قلات میں سردی کی شدت برقرار، درجہ حرارت منفی 3 ڈگری تک گر گیا

قلات (یو این اے) قلات شہر اور گردونواح میں سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہو گیا، محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ شدید سردی کے باعث شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ متبادل ایندھن کی عدم دستیابی، ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں اضافے اور بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کو پریشانی سے دوچار کر دیا ہے۔ شہریوں کے مطابق قلات میں روزانہ 16 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث شدید سرد موسم میں گھریلو معمولات متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ متبادل ایندھن کی عدم دستیابی نے مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔ قلات

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

عمر قید کا مجرم کم از کم 15 سال حقیقی قید کاٹے بغیر رہا نہیں ہوسکتا، سپریم کورٹ

اسلام م آباد (اے این این) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ عمر قید کا مجرم کم از کم 15 سال حقیقی قید کاٹے بغیر رہا نہیں ہوسکتا۔ سپریم کورٹ نے عمر قید کی سزا پانے والے مجرموں کی رہائی سے متعلق اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ جسٹس ہاشم خان کاکڑ نے فیصلہ تحریر کیا۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ 15 سال حقیقی قید مکمل کئے بغیر انتظامی معافی کے ذریعے رہائی قانون کی نظر میں کالعدم ہے، جیل حکام معمول کی معافیوں کو جمع کر کے عمر قید کی سزا 15 سال سے کم نہیں کر سکتے، جیل حکام آئین کے آرٹیکل 45 کے تحت صدر مملکت کے اختیارات پر قبضہ نہیں کر سکتے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ انتظامی حکام کو عدالتی فیصلوں کی حتمیت اور

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

غلام رسول عمرانی کے خلاف ایف آئی آر کی مذمت، شفاف تحقیقات کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن محمد بزنجو نے سردار بابا غلام رسول عمرانی اور ان کے خاندان کے دیگر افراد کے خلاف درج ایف آئی آر کو مبینہ طور پر جھوٹی اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں محمد بزنجو نے کہا کہ سیاسی اختلافات کی بنیاد پر کسی کو نشانہ بنانا قابل قبول نہیں۔ سردار بابا غلام رسول عمرانی نے ہمیشہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے، ایسے اقدامات سے عوامی وابستگی ختم نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا کہ وہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے شفاف اور

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 5 پر)

اوستہ محمد، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مستحق خواتین سے پیسوں کی کٹوتی جاری

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے غریب مستحق خواتین کی رقم سے ایک ہزار روپے سے 1500 روپے کٹوتی سریام کی جا رہی ہے ڈیوائس مالکان کی چاندی ہو گئی چھوٹے چھوٹے دکانوں پر ڈیوائس رکھ کر سینکڑوں خواتین کو شدید مشکلات کا سامنا دکانوں پر کوئی سہولیات میسر نہیں حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لے اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید خم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈیوائس مالکان سرعام غریب و مستحق خواتین سے ایک ہزار روپے سے 1500 روپے کٹوتی کر رہے ہیں جو کہ غریب مستحق خواتین کے ساتھ ظلم اور نا انصافی کے مترادف ہے چھوٹے چھوٹے دکانوں پر

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

مدرسہ قاسم العلوم جنگ اسٹاپ میں 19 نومبر کو عظیم الشان جلسہ دستار بندی حفاظ کرام ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) مدرسہ قاسم العلوم کے زیر اہتمام 19 نومبر 2026 بروز جمعرات، نماز ظہر سے نماز عشا تک مدرسہ ہذا جنگ اسٹاپ نزد مکی مسجد واکبر ڈیری فارم میں عظیم الشان جلسہ دستار بندی حفاظ کرام منعقد ہوگا۔ جلسے کے مہمانانِ خصوصی محسن بلوچستان صوبائی امیر جمعیت علما اسلام سینیٹر مولانا عبدالواسع، ضلعی امیر کوئٹہ پیر طریقت شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، نائب امیر مولانا محب اللہ اور امیر مجلس تحفظ ختم نبوت مولانا محمد احمد ہوں گے جبکہ جلسے کی نگرانی جامعہ قاسم العلوم کے مہتمم مولانا مفتی عالم گل فرمائیں گے۔ جلسے میں جید علما کرام، مشائخ عظام، حفاظ کرام، طلبا اور عوام الناس کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ منتظمین کے مطابق اس

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

غلام رسول عمرانی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی مذمت کرتے ہیں، امین عمرانی

بابا کوٹ (یو این اے) سابق صوبائی وزیر سرکردہ قبائلی رہنما بابو محمد امین عمرانی نے تمندار اقوام عمرانی کے سربراہ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی اور ان کے خاندان کے خلاف مبینہ جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات کے اندراج کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری عمرانی قوم کی عزت، وقار، غیرت اور قبائلی روایات ہمارے لیے انتہائی مقدم ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ سردار بابا غلام رسول خان عمرانی ایک معتبر قبائلی شخصیت ہیں اور ان کے خاندان کے خلاف اس نوعیت کے اقدامات سے نہ صرف قبائلی حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے بلکہ ایسے

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

سمندری طوفان کی تشکیل، کراچی میں درجہ حرارت میں اضافہ

کراچی (اے این این) کراچی میں نومبر کا نصف مہینہ گزرنے کے باوجود درجہ حرارت میں ایک بار پھر اضافہ ہونے لگا۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ امید کی جا رہی تھی کہ کراچی میں دن اور رات کے درجہ حرارت میں کمی آجائے گی تاہم خلیج بنگال میں سمندری طوفان کی تشکیل کے باعث خنک ہواں کی شدت میں کمی آئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق سمندری طوفان 'اکوان' سے پاکستان کے ساحلی علاقوں کو کوئی خطرہ نہیں، 20 نومبر کو سمندری طوفان بھارتی ساحلی علاقوں پر لینڈ فال کر سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہیکہ کراچی میں چند روز دن کا درجہ حرارت 32 سے 34 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے جب کہ

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

امریکی فوجی دفاعی تیاریوں اور حفاظتی انتظامات میں سنگین خامیوں کے انکشافات

واشنگٹن (اے این این) امریکی فوج کی دفاعی تیاریوں اور حفاظتی انتظامات میں سنگین خامیوں کے انکشافات سامنے ہیں۔ کویت میں ایرانی ڈرون حملے میں ہلاک ہونے والے امریکی فوج کے میجر سٹیفن ریمز ہاٹم نے امریکی فوج کی دفاعی تیاریوں اور حفاظتی انتظامات میں سنگین خامیوں کا انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملے سے قبل ممکنہ ایرانی جوابی کارروائی کی اطلاعات کے باوجود فوجی اڈے پر مناسب حفاظتی انتظامات نہیں کیے گئے تھے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی بی ایس سے گفتگو کرتے ہوئے میجر نے بتایا کہ یکم مارچ کو کویت کے پورٹ شعیبہ فوجی اڈے پر ایرانی ڈرون حملے میں 6 امریکی فوجی ہلاک

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

طلبہ مستقبل کے رہنما، تعمیر ملت میں بھرپور کردار ادا کریں، مریم نواز

لاہور (اے این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ طلبہ مستقبل کے رہنما اور ملک کی ترقی کے مضبوط ستون ہیں، طلبا و طالبات تعمیر ملت میں بھرپور کردار ادا کریں۔ طلبہ کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے طلبہ کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی کیساتھ ساتھ نظم وضبط اور خدمت کا جذبہ اپنانے پر زور دیا اور طلبہ کے ہاتھوں میں قلم کتاب اور لیپ ٹاپ دیکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے طلبہ کو تلقین کی کہ تعمیر ملت میں بھرپور کردار ادا کریں، طلبہ مستقبل کے رہنما اور ملک کی ترقی کے مضبوط ستون ہیں، ہونہار سکالرشپ پروگرام، لیپ ٹاپ سکیم اور ای بائیکس طلبہ کو دیں گے۔ ان

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

امریکی بینکوں کی آن لائن سروسز میں تکنیکی خرابی، صارفین کو شدید مشکلات

واشنگٹن (اے این این) امریکا کے بڑے بینکوں کی آن لائن سروسز میں بڑے پیمانے پر تکنیکی خلل پیدا ہونے کے باعث لاکھوں صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ سی بی ایس نیوز اور بین الاقوامی میڈیا کے مطابق جے پی مورگن چیس، بینک آف امریکا، ویلز فارگو، یو ایس بینک اور رقوم کی منتقلی کی ڈیجیٹل ایپ زیل کی خدمات متاثر ہوئیں۔ سروسز کی نگرانی کرنے والی ویب سائٹ ڈاؤن ڈیٹیکٹر پر صرف چیس بینک کے 5 ہزار صارفین نے آن لائن اکاؤنٹس تک رسائی، بیلنس چیک کرنے اور رقوم کی منتقلی میں تعطل کی شکایات درج کرائیں جبکہ بینک آف امریکا کے صارفین کو اے ٹی ایم اور موبائل ایپ کے استعمال میں بھی دشواری پیش آئی۔ ذرائع کے مطابق اس تعطل کے پیچھے کسی سائبر حملے یا

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کا فروغ ضروری ہے، لعل جان جعفر

کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط اور قائدانہ صلاحیتیں پیدا کرتے ہیں، سیکرٹری تعلیم

کوئٹہ (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی انٹر اسکول ہاکی ٹورنامنٹ 2026 کا فائنل میچ اقراء روزۃ القران للاطفال اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ہزارہ سوسائٹی کے مابین کوئٹہ میں منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری تعلیم بلوچستان لعل جان جعفر نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں معاونِ خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی سیکرٹری کھیل درا بلوچ، ڈائریکٹر جنرل اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز یاسر بازئی، اسپیشل سیکرٹری تعلیم رضوان قدیر، ڈپٹی سیکرٹری تعلیم جاوید کرد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر نصیر احمد شاہ، بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سید امین شاہ، اور اقراء اسکولز کے ضلعی صدر محمد شاکر سمیت دیگر اعلیٰ حکام، کھیلوں سے وابستہ شخصیات، اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری تعلیم سکولز لعل جان جعفر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیل طلبہ کی تعلیم و تربیت کا ایک اہم حصہ ہیں۔ کھیلوں کے ذریعے نوجوانوں میں نظم وضبط، برداشت، خود اعتمادی، ٹیم ورک اور قائدانہ صلاحیتیں پروان چڑھتی ہیں۔ تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

ترقیاتی منصوبوں میں ناقص برداشت نہیں کیا جائے گا، محمد اسماعیل

آفیسر ریسٹ ہاؤس مقررہ معیار اور مدت کے اندر مکمل کیا جائے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

اُستا محمد (اے این این) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پالاری کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد اسماعیل لاشاری نے سپرنٹنڈنٹ عبدالرحمٰن بلوچ اور رفیق احمد کے ہمراہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو BSDI کے تحت زیرِ تعمیر آفیسر ریسٹ ہاؤس کا تفصیلی دورہ کیا دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے ریسٹ ہاؤس کے مختلف حصوں تعمیراتی کام کی پیش رفت، استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل اور جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا انہوں نے موقع پر موجود متعلقہ عملے سے منصوبے کی مجموعی صورتحال اب تک مکمل ہونے والے کام اور باقی ماندہ تعمیراتی مراحل کے حوالے سے تفصیلات بھی حاصل کیں اس موقع پر انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا آفیسر ریسٹ ہاؤس کی تعمیر میں مقررہ معیار منظور شدہ ڈیزائن اور تکنیکی تقاضوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے جبکہ استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کے معیار پر بھی خصوصی توجہ دی جائے انہوں نے ہدایت کی

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی ڈی انجینئر عبدالمجید بادینی ملاقات کر رہے ہیں

بینکوں کے سیکیورٹی گارڈز ہر وقت چوکس رہیں، اسسٹنٹ کمشنر سیوی

عوام کے جان و مال کا تحفظ انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ملک بہادر خان بنگلزئی

سیوی (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات اور ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی ملک بہادر خان بنگلزئی نے شہر کے مختلف بینکوں کا دورہ کیا اور وہاں سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے بینک منیجرز سے ملاقات کی اور سیکیورٹی گارڈز کی دستیابی، ان کی تعیناتی اور حفاظتی انتظامات سے متعلق معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام بینکوں میں سیکیورٹی گارڈز ہر وقت چوکس رہیں، اپنی ڈیوٹی ذمہ داری اور مستعدی سے انجام دیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی پر فوری نظر رکھتے ہوئے متعلقہ حکام کو آگاہ کریں۔ اس موقع پر بینکوں کے باہر موٹر سائیکلوں کی پارکنگ اور ٹریفک کی روانی کے حوالے سے بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ بینک انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ موٹر سائیکل بینک کے باہر کھڑے نہ کیے جائیں تاکہ بینکوں کے داخلی و خارجی راستے، سڑکیں اور عوامی گزرگاہیں بلا رکاوٹ رہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ اور بینکوں میں محفوظ

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

غیر قانونی کنکشن اور پانی چوری کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، وریندر لعل

ٹیل کے علاقوں تک زرعی پانی کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (اے این این) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ایریگیشن آفیسران کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں چیف انجینئر ایریگیشن قربان علی جتوئی سپرنٹنڈنگ انجینئر مدثر ظفر کھوسہ سمیت متعلقہ محکمے کے دیگر افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران ربیع کینال پر قائم غیر قانونی کنکشن کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم اور پانی چوری کی روک تھام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ زرعی پانی ایک اہم قومی اور معاشی اثاثہ ہے اور اس کی منصفانہ تقسیم کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ کسی بھی شخص کا شتکار یا زمیندار کو یہ اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ اپنے مقررہ حصے سے زائد پانی غیر قانونی طریقے سے حاصل کرے یا دوسرے کاشتکاروں کے حق پر ڈاکہ ڈالے انہوں نے واضح کیا کہ زرعی پانی کی تقسیم میں کسی قسم کی ناانصافی، اقربا پروری یا غیر قانونی عمل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے ایریگیشن حکام کو ہدایت کی کہ ربیع کینال کی مسلسل نگرانی کی جائے اور غیر

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

ناقص تعمیراتی میٹریل استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، اسسٹنٹ کمشنر

بی ایس ڈی آئی منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت

دکی (اے این این) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال نے بی ایس ڈی آئی (BSDI) پروگرام کے تحت ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور تعمیراتی کاموں کے معیار، رفتار اور پیش رفت کا جائزہ لیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے ختم نبوت چوک، عیدگاہ، محلہ جلال آباد میں نالیوں کی تعمیر، ٹرانسپورٹ اڈہ تھل لونی، مختلف واٹر سپلائی اسکیموں اور ویگن اڈہ میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف منصوبوں کے تعمیراتی مراحل کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام اور ٹھیکیداروں سے کام کی موجودہ صورتحال اور پیش رفت کے حوالے سے معلومات حاصل کیں اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم حریفال نے متعلقہ حکام اور تعمیراتی ٹھیکیداروں کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار، شفافیت اور مقررہ ضابطوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ناقص میٹریل کے استعمال اور غیر معیاری تعمیراتی کاموں کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، جبکہ تمام منصوبے منظور شدہ ڈیزائن، تکنیکی معیار اور طے شدہ مدت کے مطابق مکمل کیے جائیں انہوں نے مزید کہا

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف فوری کارروائی کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر برشور

اسکولوں کی روزانہ نگرانی اور خستہ حال عمارتوں کی مرمت یقینی بنانے کی ہدایت

برشور (اے این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت ضلع برشور میں تعلیمی معیار کو بلند کرنے اور سرکاری اسکولوں کی کارکردگی کو مؤثر بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر برشور سید رضی ہریرہ، محکمہ تعلیم کے ضلعی آفسران، کلسٹر ہیڈز اور دیگر متعلقہ آفسران نے شرکت کی، جہاں تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل اور اساتذہ کی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے واضح کیا کہ تدریسی عمل میں کسی قسم کی سستی یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے تمام کلسٹر ہیڈز کو سخت احکامات جاری کیے کہ شفافیت یقینی بنانے کے لیے ماتحت عملے کا مکمل ڈیٹا دفتر میں جمع کرایا جائے اور محکمہ خزانہ سے اس کی باقاعدہ تصدیق کرائی جائے، انہوں نے مزید کہا کہ اساتذہ کی حاضری اور تدریسی سرگرمیوں کی کڑی نگرانی کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اسکولوں کے دورے کیے جائیں، اور غیر حاضر

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ صوبائی وزیر صنعت وحرفت سردار سردار کوہیار خان ڈومکی اپنے دفتر میں ایک بزرگ شخص کے مسائل سن رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر اور ناقص میٹریل برداشت نہیں کیا جائے گا، کلیم اللہ

تمام ترقیاتی اسکیمیں مقررہ مدت میں معیاری انداز میں مکمل کی جائیں، ڈپٹی کمشنر

شیرانی (اے این این) پٹی کمشنر ضلع شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے ضلع میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کاموں کے معیار، رفتار اور مختلف مراحل پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ حکام اور تعمیراتی عملے کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے اور تعمیراتی کام منظور شدہ ڈیزائن، مقررہ معیار اور سرکاری ضابطوں کے مطابق مکمل کیے جائیں ڈپٹی کمشنر نے منصوبوں پر کام کی رفتار کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ ترقی

روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر عمر
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
فون نمبر: 081-2453865 ، 081-2820055
کمپیوٹر نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

پاکستان منرلز کانفرنس 26

جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد میں دو روزہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 26 کا انعقاد ہوا جس میں پاکستانی اور بین الاقوامی کمپنیوں کے درمیان 13 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے جبکہ جیو پورٹل کا افتتاح بھی کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا کہ ملکی معیشت نئے اعتماد کے ساتھ ترقی کے سفر پر گامزن ہے اور پاکستان 2050ء سے بھی پہلے دنیا کی بڑی معیشتوں میں شامل ہو جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ قیمتی معدنی وسائل کو خام شکل میں بیرون ملک بھیجنے کا سلسلہ بند کر کے انہیں مقامی صنعتوں کے لئے بروئے کار لایا جائے گا کیونکہ پاکستان صرف خام معدنیات نکالنے کے بجائے انہیں ملک ہی میں پراسیس اور تیار کر کے برآمد کرنے کا خواہاں ہے۔ ریکوڈک منصوبے کا حوالہ دیتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ تانبے اور سونے کے یہ عالمی معیار کے ذخائر دو دہائیوں تک تعطل کا شکار رہنے کے بعد اب عملی تکمیل اور آپریشنل مرحلے کی طرف بڑھ رہے ہیں جن سے بلوچستان کے عوام کے لئے روزگار، ہنرمندی اور معاشی ترقی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ قدرتی وسائل سے استفادہ کرتے ہوئے صوبے کی ترقی اور عوامی خوشحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے جس کیلئے مساوی و منصفانہ شراکت داری، سرمایہ کاروں کو یکساں مواقع اور پالیسیوں کا تسلسل فراہم کرنے کے لئے اہم معاہدات اور اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ معدنی شعبے کے فروغ کے لئے وفاق اور صوبے مل کر کام کریں گے۔ فورم سے خطاب کرتے ہوئے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہے اور اس دولت کو قومی ترقی اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنا ہمارا اجتماعی قومی مقصد ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ اس مقصد کے حصول کیلئے مربوط حکمت عملی اپناتے ہوئے خام مال کی برآمد کے بجائے ریفائننگ، پراسیسنگ اور مینو فیکچرنگ سمیت مکمل ویلیو چین کو فروغ دینا ہوگا تاکہ صنعتی سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو سکیں۔ فیلڈ مارشل کا کہنا تھا کہ معدنی ترقی کا حقیقی فائدہ اسی وقت ممکن ہے جب وسائل سے بھرپور علاقوں کی مقامی آبادیاں اس عمل میں شریک ہوں اور انہیں اپنی زندگیوں میں ٹھوس و مثبت تبدیلی واضح طور پر نظر آئے۔ انہوں نے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ ایسی طویل المدتی شراکت داریوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا جو پائیدار معاشی قدر کا باعث بنیں۔ پاکستانی عوام کی محنت، صلاحیت اور عزم کو سراہتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ قدرتی وسائل مواقع فراہم کرتے ہیں مگر انہیں عملی نتائج میں بدلنے کے لئے عوام کا عزم بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ آخر میں انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ پاکستان کو اب صلاحیت سے پیداوار، وعدوں سے عملی اقدامات اور خام برآمدات سے ویلیو ایڈڈ معاشی ترقی کی جانب بڑھنا ہوگا کیونکہ معدنی شعبے کی ترقی کو قومی معیشت کے استحکام، منصفانہ فروغ اور عوامی خوشحالی کا ذریعہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ موجودہ عالمی منظرنامے میں دنیا کے بیشتر ممالک معدنی شعبے میں براہِ راست سرمایہ کاری کے ذریعے اپنی معیشتوں کو بہتر کر رہے ہیں جس کے گہرے اور مثبت اثرات عام آدمی کی زندگیوں پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ پاکستان کا شمار دنیا کے اُن خوش نصیب ملکوں میں ہوتا ہے جو منفرد اور نایاب معدنی دولت سے مالا مال ہیں۔ ملک کے چاروں صوبوں میں قدرت نے بیش قیمت خزانے چھپا رکھے ہیں بالخصوص بلوچستان کے ضلع چاغی میں تقریباً 25 ہزار میٹرک ٹن کے بعد اگم اگم آٹھ ذخائر ہیں تانبے اور سونے کی موجودگی تصدیق شدہ ہے۔ اس کے علاوہ گلگت بلتستان میں لیتھیم، بٹن اور ٹنگسٹن، خیبر پختونخوا میں ابتدائی مٹی اور بنیادی دھاتیں، پنجاب کے کوہستان نمک (شمول کھیوڑہ اور کالا باغ) میں وسیع نمک اور لوہے کے ذخائر جبکہ شمالی علاقوں میں زمرد، یاقوت، زبرجد، پکھراج، ٹوپلین اور لعل جیسے قیمتی اور نیم قیمتی پتھر موجود ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں اب تک لگ بھگ 92 مختلف معدنیات دریافت ہو چکی ہیں جن میں سے 52 پر اس وقت تجارتی بنیادوں پر کام جاری ہے۔ اُن ممالک کی معاشی تقدیر بدل گئی ہے جہاں معدنیات کے ذخائر دریافت ہوئے کیونکہ اس کی برآمد سے کم ترین وقت میں معیشت کو نُنفخ حاصل ہوتا ہے۔ چین نے افریقہ میں سرمایہ کاری کر کے وہاں کے خام معدنیات کو ریفائن کیا اور آج عالمی ریفائننگ مارکیٹ کے لگ بھگ 70 فیصد حصے پر اُس کی اجارہ داری ہی ہے، اس سے نہ صرف چینی معیشت کو بے پناہ استحکام ملا بلکہ افریقی ممالک کی معاشی حالت بھی کچھ بہتری آئی تاہم زیادہ فائدہ اسی صورت میں ممکن ہوتا ہے جب معدنیات کی دریافت ہونے کے بعد ریفائننگ حالت میں دھاتوں کو ایک ملک سے دوسرے ملک میں بھیجا جاتا ہے۔ انڈونیشیا نے دنیا میں سب سے زیادہ نکل پیدا کرنے کے بعد خام برآمد پر پابندی لگائی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو اپنے ہاں ریفائنریز لگانے پر مجبور کیا جس کے نتیجے میں آج عالمی نکل مارکیٹ کا 43 فیصد حصہ وہیں تیار ہو کر دنیا کی منڈی میں جا رہا ہے اور مقامی لوگ فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔ ایسا ہی سعودی عرب میں بھی دیکھنے میں آیا جہاں تیل کی دولت نے عرب ممالک کی تقدیر بدل ڈالی ہے۔ آسٹریلیا کا لیتھیم کی تجارت میں غلبہ، چلی اور پیرو کی معیشت کا تانبے کی عالمی قیمتوں پر، گائوکا کوبالٹ کی بدولت خطے میں تیز رفتار ابھار اور یوسٹوانا کی کل معیشت کا 25 فیصد ہیرے کی کانوں سے وابستہ ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ معدنی دولت کو "ویلیو ایڈڈ" شکل میں ڈھالنا معیشت کی رفتار کو کئی گنا بڑھا دیتا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے خطابات کا مرکزی محور یہی نکتہ تھا کہ پاکستان کی معدنی دولت اور نفع پر پہلا حق پاکستانی عوام کا ہے۔ پاکستان کا یہ عزم کہ وہ اب خام معدنیات کو محض بیرونِ ملک بھیجنے کے بجائے ملک کے اندر ہی ریفائننگ، پراسیسنگ اور مینوفیکچرنگ کے مراحل طے کرے گا، ہلکی صنعتی تاریخ کا رُخ بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس پالیسی کے نفاذ سے پاکستان میں جدید جیو کیمیکل اور جیو فزیکل سروے، ڈاکسیلو ریشن ڈرلنگ اور اعلیٰ درجے کی تجزیاتی ٹیکنالوجیوں سے لیس جدید سائنس لیبارٹریوں کی تشکیل ہوگی۔ ریکوڈک جیسے منصوبوں پر عملدرآمد سے نہ صرف پائیدار بنیادوں پر روزگار کے لاکھوں نئے مواقع پیدا ہوں گے اور نوجوانوں کو ملکی معیشت کا فعال حصہ بننے کا موقع ملے گا بلکہ پاکستان عالمی سرمایہ کاروں کے لئے ایک پُرکشش اور اعتماد کی حامل منڈی بن کر اُبھرے گا۔ وفاق اور صوبوں کے مابین اس مربوط حکمت عملی کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھایا گیا اور پالیسیوں میں استحکام برقرار رکھا گیا تو وہ دن دور نہیں جب پاکستان دنیا کی بڑی معیشتوں کی صف میں شامل ہو جائے گا۔

ڈاکٹر نجیب جمال: نصف صدی کا قصہ

نسیم شاہد

بہت خوشی ہو رہی ہے کہ آج کل ڈاکٹر نجیب جمال کی گولڈن جوبلی کا ڈنکا بج رہا ہے۔ میرے لئے یہ اس حوالے سے بھی ایک لمحہ ٔ انبساط ہے وہ میرے یونیورسٹی میں استاد رہے ہیں اور 20ویں صدی کے ایک ایسا تعلق استوار ہوا جو آج 46 سال گزرنے کے بعد بھی اپنی خوبصورتی اور محبت کے ساتھ موجود ہے میں نے انہیں عہد شباب میں بھی دیکھا اور اب بھی ان کی شخصیت کے جلال و جمال کو دیکھ رہا ہوں۔ ان کی کشادہ دلی، چہرے پر سجی دائمی مسکراہٹ، لہجے کی ملائمت اور روشن آنکھوں کی سمندر جیسی گہرائی انسان کو ایسے جکڑ لیتی ہے کہ وہ پھر اس حلقہ ٔ نجیب جمال کو 2016ء میں دام محبت سے نکلنا ہی نہیں چاہتا۔ ان صدارتی ایوارڈ تمغہ ٔ امتیاز سے نوازا گیا۔ ان کی تحقیق و تنقید پر دس کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ جامعہ الاظہر یونیورسٹی قاہرہ مصر میں انہوں نے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ وہ ملتان، بہاولپور کے بعد جب لاہور گئے تو پھر وہیں کے ہو رہے کیونکہ لاہور کا علمی افق ان کی شخصیت کے میلان سے بہت موافق ہے۔ میرا 1980ء میں اس وقت ان سے پہلا تعارف ہوا تھا جب میں ایم اے اردو کے لئے شعبہ اردو بہاؤ الدین زکریا ملتان میں داخل ہوا۔ اک سارٹ اور شعبے کے سب سے نوجوان استاد کی حیثیت سے وہ اپنی ایک خاص کشش رکھتے تھے۔ شعبے کے سربراہ ڈاکٹر اے بی اشرف خود ذوق جمال کے حامل تھے اور ان کی وجاہت کا چرچا پوری یونیورسٹی میں ہو رہا تھا۔ ایسے میں شعبہ اردو کے سب اساتذہ پر ان کے اثرات یقینی تھے۔ انہی اساتذہ کی وجہ صرف درس و تدریس بلکہ مختلف یونیورسٹیوں میں انتظامی عہدوں پر بھی وہ تعینات رہے اور اپنی انتظامی صلاحیتوں سے ماحول کو علم دوست بناتے رہے۔ نصف صدی کے اس تابناک کیریئر میں انہوں نے مختلف اداروں اور اپنے شاگردوں پر وہ نقش چھوڑے جو اب مٹ نہیں پائیں گے۔ ان کا پی ایچ ڈی کا مقالہ مرزا پاس پگانہ پر ہے۔ 1989ء میں لکھا جانے والا یہ مقالہ اپنے معیار، تحقیق اور تنقید کے حوالے سے ایک بہت اہم ہے جس کی مثالیں دی جاتی ہیں۔ ڈاکٹر نجیب جمال کو 2016ء میں صدارتی ایوارڈ تمغہ ٔ امتیاز سے نوازا گیا۔ ان کی تحقیق و تنقید پر دس کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ جامعہ الاظہر یونیورسٹی قاہرہ مصر میں انہوں نے گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ وہ ملتان، بہاولپور کے بعد جب لاہور گئے تو پھر وہیں کے ہو رہے کیونکہ لاہور کا علمی افق ان کی شخصیت کے میلان سے بہت موافق ہے۔ میرا 1980ء میں اس وقت ان سے پہلا تعارف ہوا تھا جب میں ایم اے اردو کے لئے شعبہ اردو بہاؤ الدین زکریا ملتان میں داخل ہوا۔ اک سارٹ اور شعبے کے سب سے نوجوان استاد کی حیثیت سے وہ اپنی ایک خاص کشش رکھتے تھے۔ شعبے کے سربراہ ڈاکٹر اے بی اشرف خود ذوق جمال کے حامل تھے اور ان کی وجاہت کا چرچا پوری یونیورسٹی میں ہو رہا تھا۔ ایسے میں شعبہ اردو کے سب اساتذہ پر ان کے اثرات یقینی تھے۔ انہی اساتذہ کی وجہ سے شعبہ اردو پوری یونیورسٹی میں اپنے علمی تشخص، تقریبات اور طالب علموں کی مختلف تعلیمی اداروں میں نمائندگی اور اعلیٰ کارکردگی کی وجہ سے پہچانا جاتا تھا۔ ان سب کے پیچھے ڈاکٹر نجیب جمال کا ہاتھ تھا۔ وہ ہمیں بتاتے، سمجھاتے کہ کسی موضوع پر کیسے بات کرنی ہے۔ تقریر کرتے ہوئے سٹائل کیا ہونا چاہیے۔ لفظوں کے انتخاب اور تلفظ پر بھی ان کی گہری نظر ہوتی۔ میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں مجھے زندگی میں جتنی کامیابیاں ملیں وہ استاد محترم ڈاکٹر نجیب جمال کی رہنمائی، شخصیت سازی اور توجہ کی وجہ سے میرے حصے میں آئیں۔ میں نے ان کے پڑھانے کا انداز کسی اور میں نہیں دیکھا۔ ان کی کلاس چھوڑنے کا کوئی طالب علم تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔ وہ شاعری پڑھاتے تھے اور میر غالب اور آتش فرواز کے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر نجیب جمال کی شخصیت میں جو کشش و مٹھاس ہے وہ موجودہ زمانے میں چیز دیگر ہے۔ آج یونیورسٹی اساتذہ کے بارے میں بہت سی ایسی خبریں آتی ہیں جو دل شکن ہوتی ہے تاہم اساتذہ کے رول ماڈل کی حیثیت سے ڈاکٹر نجیب جمال ایک روشن مینار کی مانند ہیں۔ لاہور کی کسی ہیرے میں ڈھال لیتے ہیں میں نے کبھی انہیں غصے میں نہیں دیکھا بلکہ کئی مواقع پر کالم یا پوسٹ میں مجھے پر غضب پایا تو فوراً فون پر اصلاح کی اور کہا استاد اور لکھنے والے کا دماغ ٹھنڈا رہے تبھی وہ اپنا کام صحیح معنوں میں کر سکتا ہے۔ پچاس سال تک ایک متحرک استاد کی حیثیت سے پڑھانا معمولی بات نہیں۔ یہ توفیق عربی کا ہی کرم ہے کہ وہ اتنی عمر اور توانائی دے ابھی انہوں نے پلاٹینم جوبلی بھی منانی ہے اللہ انہیں اسی طرح چاق و چوبند رکھے۔ ان کے بارے میں آج کل اتنا لکھا جا رہا ہے کہ ان پر رشک آتا ہے ان سے محبت کرنے والے کتنے زیادہ ہیں، بہاؤ الدین زکریا یونیورسٹی سے بہاولپور کی اسلامیہ یونیورسٹی گئے تو ملتان اداس ہو گیا تھا تاہم انہوں نے اسلامیہ یونیورسٹی کے شعبہ اردو کو بام عروج پر پہنچا دیا۔ وہاں ان کی ہمہ جہت صلاحیتیں کھل کر سامنے آئیں، انہیں مختلف عہدے سونپے گئے اور انہوں نے ہر عہدے کے ساتھ پورا انصاف کیا۔ قاہرہ، بیجنگ اور انقرہ میں بھی اپنی علمیت کے نقش ثبت کئے۔ 2016ء میں جب ایف سی کالج یونیورسٹی لاہور کے شعبہ اردو میں پروفیسر بنے تو پھر وہیں کے ہو رہے اور آج بھی وہاں اردو ادب کی شمع فروزاں کئ

چھوٹے انتظامی یونٹس کے حمایتی کا آئینی فریم ورک میں ہونا چاہیے، حافظ نعیم

آئین ریفرنڈم کی اجازت دیتا ہے تو کروا لینے میں حرج نہیں، حکومت فوری یاتی انتخابات کرائے

حکومت گراتے وقت کہا گیا عدم اعتماد آئینی اقدام ہے، ہم نے کہا ہارس ٹریڈنگ آئین میں کہیں موجود نہیں ہے

لاہور (اے این این) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی چھوٹے انتظامی یونٹس کے حق میں ہے، صوبوں کی تشکیل آئینی فریم ورک میں ہونی چاہیے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ اگر آئین ریفرنڈم کی اجازت دیتا ہے تو کروا لینے میں حرج نہیں، حکومت فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے، حکومت گراتے وقت کہا گیا عدم اعتماد آئینی اقدام ہے، ہم نے کہا ہارس ٹریڈنگ آئین میں کہیں موجود نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے احتجاج کے باعث پٹرول 80 روپے سستا کیا گیا، 32 روپے ڈیزل کی قیمتیں بھی جماعت اسلامی کے باعث کم ہوئیں، وزرا خود بتا رہے تھے کہ پٹرول ایک ہزار روپے لٹر ہو سکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہماری مذاکراتی ٹیم نے حکومت کو مسلسل دباؤ میں رکھا ہے، ہمارے دھرنے نہیں ہو رہے لیکن احتجاج جاری ہیں، 22 نومبر بلوچستان میں پٹرول، بجلی، مہنگائی اور امن وامان کی صورتحال پر جلسہ کریں گے، 29 نومبر کو پنجاب پاکستان پر تاریخی جلسہ ہوگا، ہم نے حکومت کو فائنل ڈرافٹ دے دیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ کل 19 نومبر کو ہماری مذاکراتی ٹیم کی حکومتی ٹیم سے میٹنگ ہوگی، حکومت ریلیف کو بڑھائے، ہم جانتے ہیں آئی ایم ایف کا کوئی دباؤ نہیں ہے، ریلیف کا دائرہ نہ بڑھا تو حکومت کے ساتھ یہ ملاقات آخری ہو سکتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ اگر عوام کو ریلیف نہ ملا تو احتجاجی مظاہروں کے ساتھ دھرنے دوبارہ شروع ہوں گے، ہمارے جلسے صرف پٹرول کے مسائل پر نہیں ہیں، ہمارے جلسے گیس اور زراعت کی زبوں حالی کے خلاف بھی ہیں، حکومت نے گیس کی قیمت 290 روپے مقرر کی، ملتی 600 روپے تک ہے۔ پیز کے ساتھ مزید ناجائز معاہدے برداشت نہیں کریں گے،

یوکرین جنگ کے خاتمے کیلئے امریکا، یورپ اور کیف کے درمیان نئے سفارتی رابطے

روسی حملوں کا خطرہ برقرار ہے، یوکرین کو بڑے حملے کا خدشہ ہے، صدر زیلنسکی

کیف (اے این این) یوکرین کے صدر زیلنسکی کا امریکی اور یورپی نمائندوں سے نئے مذاکرات کا انکشاف ہوا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یوکرینی صدر زیلنسکی نے کہا کہ امریکی ایلچی اسٹیو وٹکوف، جیرڈ کشنر اور یورپی نمائندوں سے آن لائن بات چیت ہوئی، فرانس، جرمنی، برطانیہ، اٹلی اور پولینڈ کے نمائندوں نے بھی مذاکرات میں شرکت کی۔ صدر زیلنسکی نے بتایا کہ مذاکرات آسان نہیں تھے تاہم مزید بات چیت پر اتفاق ہوا، برلن میں مذاکرات کا اگلا دور منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا، یوکرین کے حامی ممالک کے اتحاد کے ساتھ ملاقات بھی طے پا گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ شمالی کوریا روس کو ہر ماہ درجنوں بیلسٹک میزائل فراہم کر رہا ہے، انٹیلی جنس اطلاعات کے مطابق روس آج یا کل یوکرین پر بڑا حملہ کر سکتا ہے۔ یوکرینی صدر نے مزید بتایا کہ روسی حملوں کا خطرہ برقرار ہے، یوکرین کو بڑے حملے کا خدشہ ہے۔ یوکرین کے صدر زیلنسکی کا امریکی اور یورپی نمائندوں سے نئے مذاکرات کا انکشاف ہوا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یوکرینی صدر زیلنسکی نے کہا کہ امریکی ایلچی اسٹیو وٹکوف، جیرڈ کشنر اور یورپی نمائندوں سے آن لائن بات چیت ہوئی،

آبی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا تو تہران بھی جوابی کارروائی کرے گا، قالیباف

امریکی عوام کو دباؤ کے ذریعے موقف بدلنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، سپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (اے این این) ایران کی پارلیمان کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے ایرانی ڈیموں پر ممکنہ حملوں کے تناظر میں خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کے آبی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا تو تہران بھی جوابی کارروائی کرے گا۔ باقر قالیباف نے امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس میں ایرانی میزائل تنصیبات کے قریب واقع ڈیموں کو فوجی اور شہری دونوں مقاصد کے لیے استعمال ہونے والی تنصیبات قرار دیا گیا ہے۔ ان کے مطابق ایسی رپورٹ شہری بنیادی ڈھانچے پر حملوں کے اگلے مرحلے کی راہ ہموار کرتی ہے۔ ایکس پر اپنے بیان میں انھوں نے کہا کہ اگر اس منطق کو اپنایا جائے تو امریکہ یا اسرائیل کے کسی بھی فوجی اڈے کے قریب واقع ڈیم، بندرگاہ یا بجلی گھر بھی فوجی اور شہری دونوں مقاصد کے لیے استعمال ہونے والی تنصیبات تصور ہوں گے اور ایران انھیں نشانہ بنا سکتا ہے۔ قالیباف نے کہا کہ ایران صرف اسی منطق کو یکساں انداز میں لاگو کرے گا

امریکی حکام کو سرکاری ملٹری کمپیوٹرز پر سائبر حملوں کا خدشہ

فوجی اہلکاروں اور سرکاری ملازمین کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت

واشنگٹن (اے این این) امریکا نے سرکاری اور خصوصی فوجی کمپیوٹرز پر سائبر حملوں کے خطرے سے خبردار کرتے ہوئے فوجی اہلکاروں اور سرکاری ملازمین کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کر دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی محکمہ جنگ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ نیشنل سیکیورٹی ایجنسی نے سرکاری الیکٹرانک شناختی کارڈز چرانے والے خطرناک مال ویئر سے متعلق انتباہ جاری کر دیا۔ این ایس اے کے مطابق سائبر حملہ آور کمپیوٹرز میں نصب سرکاری الیکٹرانک شناختی کارڈز کو نشانہ بنا رہے ہیں جن کے ذریعے حساس معلومات اور الیکٹرانک ڈیٹا چوری کیا جا سکتا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ مال ویئر کے ذریعے چوری کیے گئے سرکاری شناختی کارڈز ہیکرز کو حساس ویب سائٹس اور سرکاری نظاموں تک رسائی حاصل کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ امریکی نیشنل سیکیورٹی ایجنسی کے مطابق ہیکرز شناختی کارڈ کا پن کوڈ بھی ریکارڈ کر کے سرکاری ملازمین کی معلومات اور ڈیٹا تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ امریکی حکام نے فوجی اہلکاروں اور سرکاری ملازمین کو ہدایت کی ہے کہ ذاتی کمپیوٹرز پر سرکاری الیکٹرانک شناختی کارڈز کا استعمال محدود رکھیں تاکہ حساس معلومات کو سائبر حملوں سے محفوظ بنایا جا سکے۔ امریکا نے سرکاری اور خصوصی فوجی کمپیوٹرز پر سائبر حملوں کے خطرے سے خبردار کرتے ہوئے فوجی اہلکاروں اور سرکاری ملازمین کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کر دی۔

گنداخہ کے گوٹھ حاجی اعظم جان جمالی میں حفاظتی بند کی تعمیر مکمل

ترقیاتی منصوبے سے دیہاتیوں کو تحفظ اور مشکلات میں کمی آنے کی امید، میر عابد جمالی

گنداخہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کے ترقیاتی فنڈز سے گوٹھ حاجی اعظم جان جمالی میں حفاظتی بند کی تعمیر مکمل کر لی گئی۔ منصوبہ سردار محمد ہارون خان جمالی اور سربراہ ذوالفقار خان جمالی کی تجویز پر شروع کیا گیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق ترقیاتی منصوبے کا کام ایکسیئن غلام محمد بادینی کی ہدایت پر جبکہ ایس ڈی او عاشق حسین پیچوہو کی نگرانی میں پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ حفاظتی بند کی تعمیر سے گاں کو تحفظ فراہم ہونے اور مقامی آبادی کو درپیش مشکلات میں کمی آنے کی امید ہے۔ اس موقع پر چیئرمین یونین کونسل موندر کوٹ میر عابد حسین جمالی نے حفاظتی بند کی تعمیر پر سردار محمد ہارون خان جمالی، میر ذوالفقار خان جمالی اور صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ سردار گھرانے نے ہمیشہ عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں۔ علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے خوش آئند ہیں۔ میر عابد حسین جمالی نے امید ظاہر کی کہ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک آئندہ بھی اپنے حلقہ انتخاب کے مختلف علاقوں میں عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی منصوبوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینا مثبت اقدام ہے، ایس ایس پی نجیب پندرانی

اوتھل (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی سے گرانڈ کمیٹی اوتھل کے صدر جاوید عظیم بلوچ، کیپٹن شفیع، کیپٹن حفیظ دانش اور کیپٹن نصیر احمد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع لسبیلہ بالخصوص اوتھل میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ، نوجوانوں کو مثبت اور صحت مندانہ سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور کھیلوں کے میدانوں کی بہتری کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے گرانڈ کمیٹی کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کھیلوں کے فروغ کے لیے اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ں کے مواقع فراہم کرنا ایک مثبت معاشرے کی تشکیل کے لیے انتہائی اہم ہے،

آئندہ پولیو مہمات میں بہتر منصوبہ بندی اور فیلڈ نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت

صیر آباد (اے این این) ڈپٹی کمشنر صیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ صحت کے افسران پولیو پروگرام سے وابستہ ذمہ داران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران حالیہ پولیو مہم کی مجموعی کارکردگی مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل درپیش چیلنجز اور بہتر حکمت عملی کے تحت حاصل ہونے والی کامیابیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر صیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس حالیہ پولیو مہم کی مجموعی کارکردگی مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل درپیش چیلنجز اور بہتر حکمت عملی کے تحت حاصل ہونے والی کامیابیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

کراچی سے قلعہ ستارشاہ جانے والی مال بردار ٹرین الٹ گئی

انجن سمیت 7 ڈبے پٹڑی سے اترے جبکہ 6 الٹ گئے، امدادی کارروائیاں جاری

لاہور (اے این این) پنجاب کے ضلع رحیم یار خان کی تحصیل لیاقت پور میں فیروزہ ریلوے اسٹیشن کے قریب مال بردار ٹرین پٹڑی سے اتر گئی۔ ترجمان ریلوے ملتان کے مطابق حادثہ منگل کی صبح 5 بج کر 25 منٹ پر پیش آیا، مال بردار ٹرین کراچی سے قلعہ ستارشاہ جا رہی تھی کہ ٹیکنیکل فالٹ کے باعث فیروزہ ریلوے اسٹیشن کے قریب انجن سمیت 7 لوڈڈ بوگیاں ٹریک سے اتر گئیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ ملتان اور سکھر سے ریلیف کرینز جائے حادثہ کی جانب روانہ کر دی گئی ہیں، اپ ٹریک بند ہونے کے باعث ٹرینوں کی آمد و رفت ڈاؤن ٹریک سے جاری ہے۔ حادثے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ ریلوے کے متعلقہ افسران اور عملہ جائے حادثہ پر موجود ہیں جو بحالی آپریشن کی نگرانی کر رہے ہیں۔ ملک میں رواں سال اب تک مسافر اور مال بردار ٹرینوں کے 55 سے زائد حادثات رپورٹ ہو چکے ہیں۔ بق حادثہ منگل کی صبح 5 بج کر 25 منٹ پر پیش آیا، مال بردار ٹرین کراچی سے قلعہ ستار شاہ جا رہی تھی کہ ٹیکنیکل فالٹ کے باعث فیروزہ ریلوے اسٹیشن کے قریب انجن سمیت 7 لوڈڈ بوگیاں ٹریک سے اتر گئیں۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ ملتان اور سکھر سے ریلیف کرینز جائے حادثہ کی جانب روانہ کر دی گئی ہیں، اپ ٹریک بند ہونے کے باعث ٹرینوں کی آمد و رفت ڈاؤن ٹریک سے جاری ہے۔ حادثے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ ریلوے کے متعلقہ افسران اور عملہ جائے

زائد قیمتیں وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی ہوگی، اسسٹنٹ کمشنر

سوراب (اے این این) ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بلوچ کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں تحصیلدار سوراب محمود احمد کرد، نائب تحصیلدار ایوب حسن، انجمن تاجران کے صدر ڈاکٹر خدار حیم زہری، لائیوا سٹاک آفیسر ڈاکٹر منور اسحاق خراسانی، تاجر برادری کے نمائندگان اور متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں اشیائے خورد و نوش کی سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد، شہر میں صفائی کی صورتحال اور ٹریفک کے مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ سرکاری پرائس لسٹ نمایاں جگہوں پر آویزاں کی جائیں۔ خورد و نوش کی سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد، شہر میں صفائی کی صورتحال اور ٹریفک کے مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

ملک بھر کیلئے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 34 پیسے مہنگی ہونے کا امکان

اسلام آباد (اے این این) ملک بھر کے لیسہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 34 پیسے مہنگی ہونے کا امکان ہے جب کہ نیپرا نے سماعت مکمل کرنے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ آئندہ 3 ماہ کے لیے فی یونٹ بجلی کتنی مہنگی ہوگی؟ نیپرا تعین کرے گا، چیئرمین نیپرا وسیم مختار چوہدری کی زیر صدارت سماعت ہوئی، بجلی مہنگی کرنیکیلیڈ سکوز نے نیپرا میں درخواست جمع کرائی تھی۔ بجلی صارفین سے 23 ارب 33 کروڑ روپیکی وصولی مانگی گئی ہے، یہ اضافہ کراچی سمیت ملک بھر کیلیفی یونٹ ایک روپے 34 پیسے بنتا ہے، بجلی مہنگی کرنے کا اطلاق دسمبر 2026 سے فروری 2027 کے لیے تجویز کیا گیا ہے۔ درخواست سال 2026 کی تیسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں جمع کرائی گئی تھی، کیپسٹی چارجز کی مد میں 38 ارب 92 کروڑ روپیصولی کی درخواست کی گئی۔

ڈھاڈر میں کمیونٹی اکاؤنٹیبلٹی فورم کا انعقاد تعلیم صحت اور بلدیاتی مسائل پر شرکاء کا اظہار خیال

بولان (اے این این) سٹیزن نیٹ ورک فار اکاؤنٹیبلٹی CNBA کی پارٹنر تنظیم دیب بلوچستان کے زیر اہتمام ضلع کچھی میں ایک کمیونٹی اکاؤنٹیبلٹی فورم عوامی احتساب فورم کا انعقاد کیا گیا اس فورم کا مقصد صحت تعلیم اور بلدیاتی خدمات کے شعبوں میں عوامی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے شہریوں کے تجربات اور آرا پر تبادلہ خیال کرنا تھا یہ ملک گیر نیٹ ورک ہے جسے سینٹر فار پیس اینڈ ڈیولپمنٹ انیشیٹو سی پی ڈی آئی چلاتا ہے اور تحقیق کرنے کے ساتھ ساتھ تکنیکی مدد اور رہنمائی فراہم کرتا ہے جبکہ پارٹنر سول سوسائٹی تنظیمیں اس نیٹ ورک کے ذریعے مقامی کمیونٹیز اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو متحرک کرتی ہیں شہریوں کو عوامی خدمات کی فراہمی، شفافیت اور جوابدہی کے حوالے سے درپیش مسائل اور مشکلات کو اجاگر کرنے کے لیے ضلع کچھی بولان کے شہر ڈھاڈر میں کمیونٹی اکاؤنٹیبلٹی فورم کا انعقاد کیا گیا۔ فورم کا مقصد عوامی خدمات کے معیار میں بہتری، شہریوں کے مسائل کی نشاندہی اور متعلقہ اداروں کو جوابدہ بنانے کے حوالے سے مکالمے کو فروغ دینا تھا۔ کچھی بولان کے شہر ڈھاڈر میں کمیونٹی اکاؤنٹیبلٹی فورم کا انعقاد کیا گیا۔

ایران امریکی عہدیداروں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، امریکی انٹیلی جنس

اس وقت امریکا کو درپیش کسی قابلِ اعتبار اندرونی خطرے کی نشاندہی نہیں ہوئی، ترجمان وائٹ ہاؤس

واشنگٹن (اے این این) امریکی میڈیا نے امریکی انٹیلی جنس حکام کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے واشنگٹن میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں کو نشانہ بنانے کیلئے ڈرٹی بم یا کیمیائی ہتھیار کے ممکنہ استعمال کی منصوبہ بندی فی الحال کسی حتمی مرحلے میں نہیں ہے تاہم اس حوالے سے ایسی ایجنسی کی اطلاعات کو وائٹ ہاؤس کی ترجمان لارین ڈس نے سی این این کو بتایا کہ اس وقت امریکا کو درپیش کسی قابلِ اعتبار اندرونی خطرے کی نشاندہی نہیں ہوئی، ترجمان وائٹ ہاؤس نے دعویٰ کیا گیا کہ دھماکا خیز مواد کی تیاری میں استعمال ہونے والی ممکنہ اشیا امریکا کے اندر خفیہ طور پر چھپائی گئی ہیں۔ تاہم امریکی حکام ان اطلاعات کی صداقت کے بارے میں یکساں رائے نہیں رکھتے۔ بعض ذرائع کے مطابق یہ بھی واضح نہیں کہ ایران کے پاس امریکا میں اس نوعیت کی کارروائی کرنے کے لئے مطلوبہ افراد اور نیٹ ورک موجود ہیں یا نہیں۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان لارین ڈس نے سی این این کو بتایا کہ انتظامیہ ہر ممکن خطرے پر نظر رکھے ہوئے ہے، تاہم اس وقت امریکا کو درپیش کسی قابلِ اعتبار اندرونی خطرے کی نشاندہی نہیں ہوئی، ایک ایرانی مواصلاتی گفتگو بھی پکڑی ہے جس میں دعویٰ کیا گیا کہ دھماکا خیز مواد کی تیاری میں استعمال ہونے والی ممکنہ اشیا امریکا کے اندر خفیہ طور پر چھپائی گئی ہیں۔ تاہم امریکی حکام ان اطلاعات کی صداقت کے بارے میں یکساں رائے نہیں رکھتے۔ بعض ذرائع کے مطابق یہ بھی واضح نہیں کہ ایران کے پاس امریکا میں اس نوعیت کی کارروائی کرنے کے لئے مطلوبہ افراد اور نیٹ ورک موجود ہیں یا نہیں۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان لارین ڈس نے سی این این کو بتایا کہ انتظامیہ ہر ممکن خطرے پر نظر رکھے ہوئے ہے، تاہم اس وقت امریکا کو درپیش کسی قابلِ اعتبار اندرونی خطرے کی نشاندہی نہیں ہوئی، ایک ایرانی مواصلاتی گفتگو بھی پکڑی ہے جس میں دعویٰ کیا گیا کہ دھماکا خیز مواد کی تیاری میں استعمال ہونے والی ممکنہ اشیا امریکا کے اندر خفیہ طور پر چھپائی گئی ہیں۔ تاہم امریکی حکام ان اطلاعات کی صداقت کے بارے میں یکساں رائے نہیں رکھتے۔ بعض ذرائع کے مطابق یہ بھی واضح نہیں کہ ایران کے پاس امریکا میں اس نوعیت کی کارروائی کرنے کے لئے مطلوبہ افراد اور نیٹ ورک موجود ہیں یا نہیں۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان لارین ڈس نے سی این این کو بتایا کہ انتظامیہ ہر ممکن خطرے پر نظر رکھے ہوئے ہے، تاہم اس وقت امریکا کو درپیش کسی قابلِ اعتبار اندرونی خطرے کی نشاندہی نہیں ہوئی، ترجمان وائٹ ہاؤس

حنا جاوید قتل کیس، 86 روز گزرنے کے باوجود چالان پیش نہ ہو سکا

ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ کی فوری پیش کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (اے این این) حنا جاوید قتل کیس میں 86 روز گزرنے کے باوجود چالان پیش نہ ہو سکا، جس پر ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ نے فوری چالان پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ تفصیل کے مطابق ہائی پروفائل حنا جاوید قتل کیس میں مقررہ قانونی مدت گزرنے کے باوجود راولپنڈی پولیس عدالت میں چالان پیش کرنے میں ناکام رہی۔ جس پر ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ نے سی پی او راولپنڈی کو خط ارسال کرتے ہوئے فوری چالان پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ پراسیکیوشن برانچ کی جانب سے ارسال کیے گئے خط میں سی پی او، ایس ایس پی اور ایس ایچ او سول لائن کو فوری طور پر عدالت میں چالان جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ خط میں نشاندہی کی گئی ہے کہ قانون کے مطابق پولیس 14 روز میں چالان پیش کرنے کی پابند ہے، تاہم 86 روز گزرنے کے بعد بھی اس اہم قتل کیس کا چالان پیش نہیں کیا جا سکا۔ واضح رہے کہ اس کیس میں پولیس کی اعلیٰ سطح کی تحقیقاتی ٹیم نے گھریلو ملازم ذیشان کو مرکزی ملزم قرار دیا ہے جو فلیٹ میں موجود سرونٹ کوارٹر میں رہائش پذیر تھا، جبکہ مقتولہ کا شوہر اپنے والد کے ساتھ اپارٹمنٹ کی دوسری منزل پر رہتا تھا۔ اس وقت مقتولہ کا شوہر ملزم فیصل اصغر اور گھریلو ملازم ملزم ذیشان جوڈیشل ریمانڈ پر جیل میں ہیں، جبکہ مقتولہ حنا جاوید کے اہلِ خانہ پولیس تفتیش پر بار بار عدم اعتماد کا اظہار کر چکے ہیں۔ حنا جاوید قتل کیس میں 86 روز گزرنے کے باوجود چالان پیش نہ ہو سکا، جس پر ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ نے فوری چالان پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ تفصیل کے مطابق ہائی پروفائل حنا جاوید قتل کیس میں مقررہ قانونی مدت گزرنے کے باوجود راولپنڈی پولیس عدالت میں چالان پیش کرنے میں ناکام رہی۔ جس پر ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ نے سی پی او راولپنڈی کو خط ارسال کرتے ہوئے فوری چالان پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ 1

حالیہ دنوں میں باب المندب کے علاقے سے مکمل طور پر پسپا ہو چکی ہیں، اور اب حوثی اہم بندرگاہ عدن پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ صنعا پر حوثیوں کے قبضے کے بعد عدن یمنی حکومت کا مرکز بن گیا تھا۔

بقیہ 2

ریٹائرڈ ملازمین کو مشکلات ہیں، حکومت نے ملازمین کی دادرسی کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ کوارٹرز نہیں ملے تو ان کو ایک اچھی سوسائٹی بنا کر مکان دیے جائیں، 5 ہزار سے زائد خانہ بدوش ملازمین کا یہ مسئلہ حل نہیں ہوا۔ ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما نے مزید کہا کہ ملازمین کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر رہائشی حقوق ملنے چاہئیں، سرکاری ملازمین کے لئے مختص رہائشی زمین ان سے واپس نہ لی جائے، بیواؤں اور یتیم بچوں کے ساتھ کھلواڑ نہیں ہونے دیں گے۔ فاروق ستار نے کہا کہ سرکاری کوارٹرز کے کینوں کو بے دخل نہیں ہونے دیں گے، انتظامی یونٹس کے قیام سے قبل سرکاری کوارٹرز کا مسئلہ حل کیا جائے۔

بقیہ 3

طور پر حل کیے جائیں۔ پریس کانفرنس میں فیڈریشن کے رہنماں نے کہا کہ بلوچستان میں نجی تعلیمی ادارے متعدد مسائل کا شکار ہیں، جن کے حل کے لیے حکومت اور متعلقہ حکام کو فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے تعلیمی پالیسیوں پر نظر ثانی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی نظام میں بہتری کے لیے نجی تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کو اعتماد میں لیا جائے اور پالیسی سازی کے عمل میں ان کی تجاویز کو بھی اہمیت دی جائے۔ فیڈریشن کے رہنماں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کا محفوظ ماحول فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ طلبہ و طالبات بلاخوف و خطر اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔

بقیہ 4

6 افراد ہلاک اور 20 افراد زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ 5

بائی کو ہجوم کے باعث شفا اسپتال نہیں لے جایا گیا تھا، نواز شریف کے اپنے اسپتال تھے لیکن انہیں سروسز اسپتال منتقل کیا جاتا تھا۔ نئے صوبوں پر بات کرتے ہوئے مصدق ملک کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کے حوالے سے بہت سی قیاس آرائیاں ہو رہی ہیں، اس حوالے سے ابھی تک کوئی چیز واضح نہیں ہوئی، یہ ایک بڑا فیصلہ ہے اس پر بحث ہونی چاہیے، آئینی اور جمہوری طریقے سے عوام کی رائے جاننے کے مختلف طریقہ کار ہیں، بحث شروع ہو گئی ہے راستہ بھی آگے نظر آتا جائے گا۔

بقیہ 6

سرگرمیوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ طلبہ تعلیم کے ساتھ ساتھ جسمانی اور ذہنی طور پر بھی صحت مند رہ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن کے مطابق حکومت بلوچستان نوجوان نسل کو کھیلوں کے بہتر مواقع فراہم کرنے اور تعلیمی اداروں میں مثبت ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری کھیل دراہلوچ نے کہا کہ ہاکی بلوچستان کا ایک اہم کھیل ہے اور اسکولوں کی سطح پر اس طرح کے مقابلوں کا انعقاد مستقبل کے باصلاحیت کھلاڑیوں کی تلاش اور تربیت میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھیلوں کے میدان نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے دور رکھنے، صحت مند معاشرے کی تشکیل اور مثبت سوچ کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ اسکولوں میں کھیلوں کے لیے مناسب سہولیات، کھیل کے میدانوں کی بہتری، معیاری کھیلوں کے سامان کی فراہمی اور طلبہ کو ضلعی، صوبائی اور قومی سطح کے مقابلوں میں شرکت کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ سیکرٹری تعلیم سکولز کا مزید کہنا تھا کہ اساتذہ، والدین اور تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کو چاہیے کہ وہ طلبہ کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے کھیلوں کی سرگرمیوں میں بھرپور تعاون کریں۔ حکومت بلوچستان تعلیم کے ساتھ کھیلوں کے فروغ کو بھی طلبہ کی ہمہ جہت ترقی کا لازمی جزو سمجھتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر سیکرٹری تعلیم لعل جان جعفر نے ٹورنامنٹ میں حصہ لینے والی تمام ٹیموں، کھلاڑیوں، اساتذہ اور منتظمین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہار اور جیت کھیل کا حصہ ہیں، اصل کامیابی کھیل کے جذبے، محنت، نظم و ضبط اور مثبت مقابلے میں ہے۔ انہوں نے کھلاڑیوں کو مستقبل میں بھی محنت اور لگن کے ساتھ کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھنے کی تلقین کی۔ تقریب کے اخر میں سیکرٹری تعلیم اسکولز لعل جان جعفر نے ونر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ہزارہ سوسائٹی رنراپ ،اقرا روزۃ القران للاطفال کی ٹیموں اور ٹورنامنٹ میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں تقسیم کیے۔

بقیہ 7

اقدامات سے حق اور سچ کی آواز کو بھی دبایا نہیں جا سکتا۔

بقیہ 8

رہنے والے اہلکاروں کے خلاف فوری تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے، ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر اور تعلیمی آفسران پر زور دیا کہ وہ باقاعدہ شیڈول کے تحت اسکولوں کا معائنہ کریں تاکہ ضلع کا کوئی بھی اسکول بند نہ رہے، اجلاس کے اختتام پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ علاقے میں موجود خستہ حال اور مخدوش اسکول عمارتوں کی فوری نشاندہی کر کے تفصیلی رپورٹ ڈی ای او آفس کو بھجوائی جائے، تاکہ بروقت مرمت و بحالی کے ذریعے طلبہ کو ایک محفوظ اور سازگار تعلیمی ماحول میسر آ سکے اور ضلع میں تعلیم کا معیار بہتر سے بہترین ہو سکے۔

بقیہ 9

شہر اور گردونواح میں سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہو گیا، محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ شدید سردی کے باعث شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ متبادل ایندھن کی عدم دستیابی، ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں اضافے اور بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کو پریشانی سے دوچار کر دیا ہے۔ شہریوں کے مطابق قلات میں روزانہ 16 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث شدید سرد موسم میں گھریلو معمولات متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ متبادل ایندھن کی عدم دستیابی نے مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔

بقیہ 10

کو سراہا۔ انہوں نے ایس پی کے لیے آئندہ جائے تعیناتی پر نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی اسی جذبے اور پیشہ ورانہ لگن کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیتے رہیں گے۔ ملاقات کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے ایس پی طیب اقبال کو یادگاری تحائف کے طور پر چھڑی اور بلوچی ٹوپی پیش کیے ہیں

بقیہ 11

تقدس متاثر کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، مل

بقیہ 12

تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں

بلوچستان کی ترقی امن واستحکام کیلئے سب کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا، محمد خان لہڑی

بلوچستان پاکستان کا اہم صوبہ ہے جو قدرتی وسائل، معدنی ذخائر، زرعی صلاحیتوں اور نوجوان افرادی قوت سے مالا مال ہے، پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز

پینے کے صاف پانی، تعلیم، صحت، سڑکوں، بجلی اور روزگار جیسے بنیادی مسائل کے حل کو ترقیاتی منصوبہ بندی میں ترجیح دی جانی چاہیے تاکہ عام شہری کی زندگی میں حقیقی بہتری آسکے

کوئٹہ (اے این این) پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز بلوچستان حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ بلوچستان کی مجموعی ترقی، عوامی مسائل کا حل، اداروں کی بہتری اور صوبے میں خوشحالی کا فروغ حکومت کی اہم ترجیحات ہیں' صوبے کے وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود کیلئے استعمال کرنے اور سرکاری اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے شفافیت، میرٹ اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنانا ہوگا' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا اہم صوبہ ہے جو قدرتی وسائل، معدنی ذخائر، زرعی صلاحیتوں اور نوجوان افرادی قوت سے مالا مال ہے۔ ان وسائل کو بہتر منصوبہ بندی اور مؤثر حکمت عملی کے تحت استعمال کرکے صوبے کی معاشی

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن کی قیادت میں جماعت اسلامی طلبہ ونگ کا وفد ملاقات کررہا ہے



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی چچی کے انتقال پر سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین صوبائی اسمبلی تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

شیرانی میں لاپتہ دو کم سن چرواہے بچے مردہ حالت میں برآمد

بچوں کی لاشوں کے قریب مشکوک چیز بھی مل گئی، موت کی وجہ تاحال معلوم نہ ہوسکی

شیرانی (یو این اے) ضلع شیرانی کے علاقے مانی خواہ کے قریب پہاڑی جنگل سے گزشتہ روز لاپتہ ہونے والے دو کم سن چرواہے بچے آج صبح مردہ حالت میں مل گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق دونوں بچوں کی لاشیں پہاڑی جنگل سے برآمد کی گئیں۔ جائے وقوعہ کے قریب ایک مشکوک چیز بھی ملی ہے، جو بظاہر دستی بم یا کسی گولے جیسی دکھائی دیتی ہے، تاہم اس کی نوعیت کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق بچوں کا تعلق خانہ بدوش بیٹنی قبیلے سے ہے، جبکہ دونوں کی موت کی وجہ بھی معلوم نہیں ہوسکی۔ واقعے کی اصل وجوہات، مشکوک چیز کی نوعیت اور بچوں کی ہلاکت کے اسباب کا تعین تحقیقات کے بعد ہی ممکن ہوگا۔ ضلع شیرانی کے علاقے مانی خواہ کے قریب پہاڑی جنگل سے گزشتہ روز لاپتہ ہونے والے دو کم سن چرواہے بچے آج صبح مردہ حالت میں مل گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق دونوں بچوں کی لاشیں پہاڑی جنگل سے برآمد کی گئیں۔ جائے وقوعہ کے قریب ایک مشکوک چیز بھی ملی ہے، جو بظاہر دستی بم یا کسی گولے جیسی

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

راولاکوٹ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے رینجر افسر شہید، 4 حملہ آور ہلاک

راولاکوٹ (اے این این) آزاد کشمیر کے شہر راولاکوٹ میں قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں پر مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں پاکستان رینجرز کے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ برکت علی شہید ہوگئے، جبکہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں 4 مسلح حملہ آور بھی مارے گئے۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس پونچھ ریجن کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ منگل کی صبح تقریباً 10 بج کر 30 منٹ پر راولاکوٹ کے علاقے تتیالمیر ابس ٹرمینل کے قریب مسلح عناصر نے قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

لیہ، تونسہ پل سے منسلک سڑکوں کی تعمیر شروع، 10 سالہ انتظار ختم

نئی سڑکیں 2 ماہ میں مکمل ہوں گی، وزیراعظم افتتاح کریں گے: عبدالعلیم خان

ملتان (اطلاع عام رپورٹ) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب کے عوام سے کیا گیا وعدہ پورا کر دیا، دریائے سندھ پر لیہ، تونسہ پل سے منسلک دونوں اطراف کی سڑکوں کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10 سال قبل پل کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود اس کے دونوں اطراف رابطہ سڑکیں موجود نہیں تھیں جس کے باعث عوام کو طویل عرصے سے مشکلات کا سامنا تھا۔ اب این ایچ اے نے عملی اقدامات شروع کر دیے ہیں اور نئی سڑکیں 2 ماہ کے اندر مکمل کر لی جائیں گی۔ وفاقی وزیر نے زیر تعمیر سڑکوں کے کام کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ نئی سڑکوں سے لیہ اور تونسہ کے شہری براہ راست رابطے میں آجائیں گے اور گھنٹوں کا سفر چند منٹوں میں طے ہوسکے گا۔ پل پر روشنیوں کا مناسب انتظام بھی کیا جائے گا اور تکمیل کے بعد وزیراعظم پاکستان ان کا افتتاح کریں گے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کو بھی ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی اور بنیادی سہولیات پر برابر کا حق حاصل ہے۔ اس خطے کی

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبے کی یکساں ترقی ہماری سیاسی و جمہوری ذمہ داری ہے، زرک مندوخیل

غیر ضروری تاخیر، ناقص منصوبہ بندی اور سرکاری وسائل کے ضیاع کی روک تھام کیلئے مؤثر نگرانی کا نظام قائم ہونا چاہیے

صوبے کی ترقی کیلئے تمام سیاسی جماعتوں، منتخب نمائندوں اور حکومتی اداروں کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا' رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل ہماری سیاسی، جمہوری اور قومی ذمہ داری ہے۔ صوبے کی ترقی کیلئے تمام سیاسی جماعتوں، منتخب نمائندوں اور حکومتی اداروں کو مشترکہ طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو اس وقت تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی، سڑکوں، بجلی، روزگار اور دیگر بنیادی سہولیات کے حوالے سے متعدد چیلنجز درپیش ہیں۔ ان مسائل کے حل کیلئے ایسی جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے جس کے ثمرات صرف بڑے شہروں تک محدود نہ رہیں بلکہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام بھی ترقی کے ثمرات سے مستفید ہوسکیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

فرح عظیم شاہ سے متعلق بیان پر بی اے پی کی سردار عبدالرحمٰن کھیتران کے بیان کی مذمت

سیاسی اختلافات اپنی جگہ، خواتین کا احترام ہر ایک کی ذمہ داری ہے، بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان عوامی پارٹی نے سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران کی جانب سے بی اے پی خواتین ونگ کی صدر اور رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ سے متعلق دیے گئے بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے بلوچستان کی روایات اور اسلامی تعلیمات کے منافی قرار دیا ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی کی جانب سے جاری رد عمل میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان ایک روایتی اور قبائلی اقدار کا حامل صوبہ ہے، جہاں خواتین کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ بلوچستان کی روایات میں خواتین کے احترام کو خصوصی اہمیت حاصل ہے اور یہاں خاتون کی آمد پر قتل جیسے سنگین معاملے میں بھی معافی کی روایت موجود ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ خواتین کے حوالے سے منفی اور غیر مناسب گفتگو سے گریز کرنا چاہیے، خصوصاً عوامی نمائندوں کو اپنے الفاظ اور بیانات کے انتخاب میں احتیاط کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ بلوچستان عوامی پارٹی کا کہنا تھا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ، تاہم خواتین کے احترام اور معاشرتی روایات کا خیال رکھنا ہر فرد کی ذمہ داری

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

ملک کے مختلف شہروں میں خشک سالی کا شدید خطرہ، ہائی الرٹ جاری

پانی کی کمی سے زرعی سرگرمیاں اور فصلوں کی پیداوار شدید متاثر ہورہی ہے، این ای اوی

اسلام آباد (اے این این) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او) نے ملک بھر میں خشک سالی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے سندھ کے مختلف اضلاع کے لئے ہائی الرٹ جاری کردیا۔ این ای او سی کے اعلامیہ کے مطابق سندھ کے اضلاع عمرکوٹ، تھرپارکر، میرپورخاص اور سجاول کے بعض علاقوں میں خشک سالی کا شدید خطرہ ہے جس کے پیش نظر صورتحال کی مسلسل نگرانی جاری ہے۔ سندھ کے علاوہ بلوچستان کے ضلع چاغی اور ضلع واشک کے بعض علاقوں میں بھی خشک سالی کی صورتحال کا سامنا ہے۔ این ای او کے مطابق معمول سے کم بارشیں، طویل خشک موسم، درجہ حرارت میں اضافہ اور مون سون بارشوں کے معمول میں تبدیلی خشک سالی کی اہم وجوہات ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ سندھ کے متاثرہ علاقوں میں درجہ حرارت معمول سے 1 تا 3 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ ریکارڈ کیا جارہا ہے جس کے باعث پانی کی کمی سے زرعی سرگرمیاں اور فصلوں کی پیداوار شدید متاثر ہورہی ہے۔ این ای او کے

(بقیہ 83 اندرونی صفحہ 2 پر)

190 ملین پاؤنڈ کیس، عمران خان اور بشریٰ کی اپیلوں پر آج سماعت ہوگی

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور انکی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیلوں پر آج (بدھ کو) سماعت ہوگی۔ چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل ڈویژن بینچ اپیلوں پر سماعت کرے گا۔ عدالت نے فریقین سے حتمی دلائل طلب کررکھے ہیں جبکہ بشریٰ بی بی نے علاج کے لئے اسپتال منتقل کرنے کی متفرق درخواست بھی دائر کررکھی ہے۔ اسلام آباد

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیر صحت بلوچستان

عوامی خدمت، فلاح و بہبود اور بہتر طرز حکمرانی کے ذریعے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے مربوط حکمت عملی اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے' بخت محمد

تعلیم، صحت، مواصلات، پینے کے صاف پانی اور روزگار کے شعبوں میں بہتری کے بغیر پائیدار ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا' وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی مجموعی ترقی، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں ترقی کے مواقع پیدا کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوامی خدمت، فلاح و بہبود اور بہتر طرز حکمرانی کے ذریعے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے مربوط حکمت عملی اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے' وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل، معدنیات، ساحلی پٹی اور باصلاحیت نوجوانوں کے حوالے سے بے پناہ صلاحیتوں کا حامل صوبہ ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ ان وسائل کو عوام کی خوشحالی اور صوبے کی معاشی ترقی کیلئے مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ تعلیم، صحت، مواصلات، پینے کے صاف پانی اور روزگار کے شعبوں میں بہتری کے بغیر پائیدار ترقی کا

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

آڈیٹر جنرل آف پاکستان نے ایف بی آر کی کارکردگی پر سنجیدہ سوالات اٹھادیئے

اسلام آباد (اے این این) آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹ میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں اربوں روپے کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، ان لینڈ ریونیو اور محکمہ کسٹمز میں 242 ارب سے زائد کی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی، ایف بی آر کے انٹرنل کنٹرول سسٹم کا کمزور قرار دے دیا گیا۔ سیلز ٹیکس، ایف ای ڈی، پٹرولیم لیوی سرچارج کی وصولی، ضبط شدہ سامان کی نیلامی میں بھی مسائل سامنے آگئے۔ دستاویز کے مطابق 527 ٹیکس کیسز میں 117 ارب 77 کروڑ روپے سپر ٹیکس کم وصول ہوا۔ فیلڈ دفاتر نے 159 افراد کو 41 ارب 78 کروڑ کا ان پٹ ٹیکس کریڈٹ غلط دیا۔ 601

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

حکومت اور جماعت اسلامی کے مذاکرات کا آخری دور کل ہوگا، لیاقت بلوچ

امید ہے وزیراعظم اور نائب وزیراعظم عوام کو ریلیف دلانے کی جدوجہد کو وقار دیں گے

لاہور (اے این این) نائب امیر جماعت اسلامی اور مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کا آخری دور کل 19 نومبر کو وزارت خارجہ کے وائٹ روم کانفرنس ہال میں ہوگا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ لیاقت بلوچ سے رابطہ کیا ہے، جس میں حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان جاری مذاکرات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ نے بتایا کہ مذاکرات کے بعد حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان ممکنہ معاہدے کا مسودہ حکومتی کیمپ میں موجود ہے۔ لیاقت بلوچ نے امید ظاہر کی کہ وزیراعظم اور نائب وزیراعظم عوام کو ریلیف دلانے کی جدوجہد کو وقار دیں گے اور عوامی مشکلات کے حل کیلئے مثبت پیش رفت سامنے آئے گی۔ نائب امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی احتجاج اور مذاکرات دونوں ذرائع سے غریب اور متوسط طبقے کو ریلیف دلانے کی جدوجہد جاری رکھے گی۔ نائب امیر جماعت اسلامی اور مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کا آخری دور کل 19 نومبر کو وزارت خارجہ کے وائٹ روم کانفرنس ہال میں ہوگا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ لیاقت بلوچ سے رابطہ

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

خاران پولیس کی کارروائی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں دو ملزمان گرفتار

ملزمان سے بغیر لائسنس پستول اور ایمونیشن برآمد، گاڑی بھی تحویل میں لے لی گئی

خاران (یو این اے) خاران پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس پستول اور ایمونیشن برآمد کرلی، جبکہ ایک گاڑی بھی تحویل میں لے لی گئی۔ پولیس کی جانب سے 17 نومبر 2026 کو جاری پریس ریلیز کے مطابق ایس پی خاران سدورو لاشاری کی ہدایات پر پولیس ٹیم نے معمول کی گشت اور چیکنگ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے دو مشتبہ افراد ضیا الرحمٰن ولد غلام رسول اور شہزاد ولد عبدالسلام کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان کا تعلق تگاپ شہر سے ہے اور وہ خاران شہر میں رہائش پذیر ہیں۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس پستول بمعہ ایمونیشن برآمد کرکے دفعہ 550 کے تحت گاڑی بھی قبضے میں لے لی۔ واقعے کا مقدمہ تھانہ شہید محمد قاسم میں درج کرلیا گیا ہے، جبکہ ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ خاران پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بغیر لائسنس پستول اور ایمونیشن برآمد کرلی، جبکہ ایک گاڑی بھی

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

جاری آبپاشی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضروری ہے، محمد خان طور اتمانخیل

کسانوں کو پانی کی فراہمی کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، رکن صوبائی اسمبلی

لورالائی (اے این این) رکنِ صوبائی اسمبلی اور سابق صوبائی وزیر بلوچستان حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے صوبائی وزیر شعیب خان نوشیروانی اور سیکرٹری آبپاشی حکومتِ بلوچستان سہیل الرحمٰن سے ان کے دفتر میں خیرسگالی ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع لورالائی اور حلقے کے مختلف عوامی مسائل، بالخصوص محکمہ آبپاشی کے زیرِ تکمیل اور جاری ترقیاتی منصوبوں، آبپاشی کے نظام کی بہتری اور زرعی شعبے کو درپیش مسائل پر تفصیلی اور تعمیری گفتگو ہوئی اس موقع پر حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے ضلع لورالائی کی جغرافیائی، زرعی اور معاشی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ لورالائی ایک زرعی خطہ ہے جہاں بڑی تعداد میں لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت، باغبانی اور مالداری سے وابستہ ہے۔ علاقے میں زراعت کے فروغ، باغات کی بہتر نگہداشت اور زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے پانی کے مؤثر انتظام اور آبپاشی کی سہولیات کی فراہمی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ خصوصاً کسانوں اور زمینداروں کو درپیش پانی کی قلت اور آبپاشی سے متعلق مسائل کے حل کے لیے

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستانی برآمدات کو تیز رفتار بنانے کیلئے حکومت کا جامع پلان تیار

وزارت صنعت و پیداوار کی عالمی منڈیوں تک رسائی آسان بنانے کیلئے تجاویز پیش

اسلام آباد (اے این این) پاکستانی برآمدات کو تیز رفتار بنانے کے لئے حکومت کا جامع پلان سامنے آگیا۔ وزارت صنعت و پیداوار نے برآمدی صنعتوں کی لاگت کم کرنے، پیداوار بڑھانے اور عالمی منڈیوں تک رسائی آسان بنانے کے لئے تجاویز پیش کردیں۔ رپورٹ کے مطابق مشترکہ ٹیسٹنگ لیبارٹریز، جدید مشینری، سستی توانائی، آسان قرضوں اور بندرگاہوں پر سامان کی کلیئرنس تیز کرنے کی سفارشات بھی پلان کا حصہ ہیں۔ ملکی برآمدات بڑھیں گی تو ڈالر آئیں گے۔ صنعتوں کا پہیہ چلے گا تو روزگار کے مواقع بھی بڑھیں گے۔ وزارت صنعت و پیداوار نے برآمدات کو اگلے گیئر میں ڈالنے کا جامع پلان حکومت کے سامنے رکھ دیا۔ دستاویز کے مطابق برآمدی صنعتوں کے خام مال پر اضافی ڈیوٹیز اور ٹیرف کی خامیاں دور کرنے، کسٹم کلیئرنس میں تاخیر ختم کرنے اور برآمد کنندگان کو ریفنڈز کی بروقت ادائیگی یقینی بنانے کی سفارش کی گئی ہے۔ صنعتوں کی پیداواری لاگت کم کرنے کے لیے بجلی اور گیس کی قیمتوں کا تقابلی جائزہ لینے اور توانائی

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

گنداوہ، کوڑہ ندی کے مقام سے تین نوجوان لاپتہ ہوگئے

بھل مسی (یو اینائے) گنداوہ کے علاقہ کوڑہ ندی کے مقام سے تین نوجوان لاپتہ ہوگئے مبینہ طور پر اغوا، ہونے کا شبہ کیا علاقے کی عوام میں میں خوف و ہراس پایا جارہا ہے تحصیل کوڑہ ندی کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد مبینہ طور پر تین نوجوانوں کو اغوا کرکے نامعلوم مقام پر لے گئے۔ واقعے کے بعد تشویش کی فضا پھیل گئی ہے۔ تاحال مغوی نوجوانوں کی شناخت اور اغوا کی وجوہات سامنے نہیں آ سکیں۔ گنداوہ کے علاقہ کوڑہ ندی کے مقام سے تین

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں 3 فیصد سے زائد کی کمی ریکارڈ

واشنگٹن (اے این این) آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی ترسیل میں بتدریج بحالی کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں 3 فیصد سے زائد کمی ریکارڈ کی گئی۔ عالمی مارکیٹ میں برطانوی خام

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں سیاہ کاری کے الزام میں لڑکی سمیت دو افراد قتل

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کھجوشوری نزدیک والد نے سیاہ کاری کے الزام میں بیٹی سمیت دو افراد کو فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا ملزم موقع سے

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

سینیٹ کمیٹی کا بلوچستان میں وفاقی ملازمتوں کے کوٹے پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (اے این این) سینیٹ سیکرٹریٹ میڈیا ڈائریکٹوریٹ اسلام آباد، 17 نومبر 2026 سینیٹ کی ذیلی کمیٹی کا بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں اور وفاقی ملازمتوں میں صوبائی کوٹے پر عملدرآمد کا جائزہ، پنجگور ڈیم کے ڈیزائن اور مقامی آبادی پر ممکنہ اثرات سے متعلق تحفظات کا اظہار، ترقیاتی منصوبوں میں مقامی آبادی کے مفادات، زرعی

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 2 پر)

ہسپتال کی خالی آسامیوں پر بھرتیوں کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، ڈی جی صحت

مریضوں کو معیاری علاج اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈاکٹر امین خان مندوخیل

گوادر (اے این این) صوبائی حکومت بلوچستان کی صحت عامہ کی پالیسی کے تحت عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لینے کے لیے ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان ڈاکٹر امین خان مندوخیل نے میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف وارڈز، او پی ڈی، تھیلیسیمیا سینٹر، ڈائلیسز یونٹ، میل و فی میل وارڈز، شعب ڈینٹل، شعبہ امراضِ چشم، لیبارٹری اور ڈرگ اسٹور کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور متعلقہ شعبہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے انہیں ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، انتظامی امور، طبی سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ہسپتال میں خالی آسامیوں پر بھرتیوں سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ ڈائریکٹر جنرل صحت نے یقین دہانی کرائی کہ خالی آسامیوں کو جلد پُر کرنے کے معاملے پر اعلیٰ حکام سے رابطہ اور ضروری اقدامات کیے جائیں گے تاکہ ہسپتال میں

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

صحبت پور میں گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے انتخابات، دو پینل آمنے سامنے آگئے

ضلعی صدارت کے لیے نظر محمد کھوسو اور نعمت اللہ کھوسو کے درمیان مقابلہ متوقع

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے ضلعی انتخابات کا دنگل سجنے کو تیار، دو پینل آمنے سامنے آگئے۔ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول صحبت پور میں امیدواروں کے کاغذات نامزدگی وصول کرلیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انتخابات آرگنائزنگ کمیٹی کی نگرانی میں منعقد کیے جارہے ہیں، جس میں کوہلو، شیرانی اور ژوب اضلاع سے تعلق رکھنے والے ارکان شامل ہیں۔ گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے انتخابات میں ایک پینل کی قیادت سابق ضلعی صدر نظر محمد کھوسہ کررہے ہیں، جبکہ دوسرے پینل کی سربراہی نعمت اللہ کھوسہ کے پاس ہے۔ دونوں پینلز کے درمیان ضلعی صدارت کے لیے مقابلہ ہوگا، جبکہ انتخابات کے نتائج سے فیصلہ ہوگا کہ آئندہ یونین کی قیادت کس کے حصے میں آتی ہے۔ صحبت پور میں گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے ضلعی انتخابات کا دنگل سجنے کو تیار، دو پینل آمنے سامنے آگئے۔ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول صحبت پور میں امیدواروں کے کاغذات نامزدگی وصول کرلیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انتخابات آرگنائزنگ کمیٹی کی نگرانی میں منعقد کیے جارہے ہیں، جس میں کوہلو، شیرانی اور ژوب اضلاع سے تعلق رکھنے والے ارکان شامل ہیں۔ گورنمنٹ ٹیچرز یونین کے انتخابات میں ایک پینل کی قیادت سابق ضلعی صدر نظر محمد کھوسہ کررہے ہیں، جبکہ

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

عمران خان ہمیشہ سے چھوٹے صوبوں کے حق میں رہے ہیں، سلمان اکرم

عمران خان سے براہِ راست بات کرنی چاہیے اور پورے نظام کی بحالی کی بات ہونی چاہیے

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ عمران خان ہمیشہ سے چھوٹے صوبوں کے حق میں رہے ہیں، عمران خان سے براہِ راست بات کرنی چاہیے اور پورے نظام کی بحالی کی بات ہونی چاہیے، عمران خان اپنے لئے کوئی مہربانی نہیں مانگ رہے، وہ صرف قانون اور انصاف مانگ رہے ہیں، عمران خان کا خط پوری قوم کیلئے ایک ٹرننگ پوائنٹ ہونا چاہیے، خواہ آصف ہوں یا کوئی بھی حکومتی بندہ، وہ ہمارے یا عمران خان کے خیرخواہ نہیں، ہم اصول کی سیاست کریں گے، خیرات نہیں چاہیئے۔ ایک انٹرویو میں سلمان اکرم راجا نے کہا کہ عمران خان کا لکھا گیا خط ایک تاریخی دستاویز ہے، اس ملک کی انتہائی تاریک تاریخ ہے۔ اس ملک میں جو کچھ سیاسی رہنماؤں کے ساتھ ہوا، وہ سب ہمارے سامنے ہے۔ آج پوری قوم پر ایک فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اپنی آواز بلند کرے۔ عمران خان پر جھوٹے مقدمات بنائے گئے اور وہ جوانمردی سے ان کا مقابلہ کرتے رہے۔ انہوں نے عمران خان کی صحت سے متعلق

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم پی اے رحمت صالح بلوچ ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ، پاکستان کسٹمز کی کارروائی، منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام

58 کروڑ سے زائد مالیت کی 115 کلوگرام افیون برآمد

کوئٹہ (اے این این) پاکستان کسٹمز کوئٹہ نے منشیات کی اسمگلنگ کی ایک بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے سرانان سے 115 کلوگرام افیون برآمد کرلی۔ حکام کے مطابق پاکستان کسٹمز، کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ، کوئٹہ نے منشیات کی اسمگلنگ کی ایک بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے سرانان کے علاقے میں خفیہ مقام سے 115 کلوگرام افیون برآمد کی ہے۔ ضبط کی جانے والی منشیات کی تخمینہ شدہ بین الاقوامی مارکیٹ مالیت 58 کروڑ 52 لاکھ روپے بنتی ہے۔ یہ کامیاب کارروائی کسٹمز موبائل اسکواڈ بلیلی نے ایک مصدقہ خفیہ اطلاع کی بنیاد پر عمل میں لائی۔ اطلاع موصول ہوئی تھی کہ سرانان میں منشیات کی بھاری کھیپ خفیہ طریقے سے چھپائی گئی ہے جسے بعدازاں کوئٹہ اسمگل کیے جانے کا منصوبہ تھا۔ اطلاع ملتے ہی کسٹمز کی ٹیم نے فوری طور پر مذکورہ مقام پر چھاپہ مارا اور دوپہر تقریباً 12:30 بجے پیکنگ سمیت 115 کلوگرام افیون اپنی تحویل میں لے لی۔ برآمد شدہ منشیات کو قانون کے مطابق محفوظ تحویل میں دے کر اسٹیٹ ویئر ہاؤس، کوئٹہ میں جمع

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 2 پر)

کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا کی زیر صدارت تمام سرکاری محکموں کا اہم اجلاس منعقد

آواران (اے این این) کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس آواران میں تمام سرکاری محکموں کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر عقیل کریم بلوچ، ایس پی حاصل قمبرانی، فوکل پرسن اقصیٰ میروانی سمیت مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی امور، عوامی مسائل کے حل، امن و امان اور محکموں کی کارکردگی بہتر بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس آواران میں تمام

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں بجلی کی بڑھ گئی رات 10 بجے گیس بندش شہری پریشان

گیس بندش کے باعث رات کا کھانا تیار کرنے